

امر بالمعروف ونھی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 | بروز منگل 13 اکتوبر 2026ء 30 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 189

KP میں ایمرجنسی دہشتگردی کے خاتمے میں تعاون نہ کرنے پر لگی

وزیراعلیٰ بلوچستان
میر سرفراز بگٹی

دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سیکیورٹی اداروں کو معاونت، قانون سازی اور بیانیے میں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے

بلوچستان حکومت وفاق کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سرگرمِ عمل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ(یو این اے)بلوچستان اسمبلی اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آئین بنانے والے اکابرین نے آج کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ آرٹیکلز آئین میں شامل کیے تھے، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات کا موازنہ کیا جا رہا ہے، جبکہ کے پی میں ایمرجنسی لا اینڈ آرڈر کی بنیاد پر نہیں بلکہ حکومتی کردار ادا نہ کرنے پر نافذ کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ جماعت نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف رعایتی پالیسی اپنائی، خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی کے لیے دیے گئے پیسوں سے سوشل

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں دو پائلٹس کی شہادت پر اظہار افسوس

اسلام آباد(سی ایم لنکس)وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے ہیں

پاکستان نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں، اسحاق ڈار

افغان سرزمین سے ہونیوالی دہشتگردی کسی صورت قابل قبول نہیں، اگر افغان طالبان دہشتگردوں کیخلاف کارروائی نہیں کرتے تو ایک دن انہیں خود بھی اسے بھگتنا پڑے گا، سیمینار سے خطاب

پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی میں ملوث ہے خطے اور دنیا کیلئے سب سے بڑا چیلنج دہشت گردی ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد(جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانا آسان نہیں تھا، وفاقی حکومت کے پاس ایمرجنسی کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا تھا، دھرنوں اور احتجاج کے باعث معیشت کو بہت نقصان پہنچتا ہے جبکہ پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک ہی مطالبہ ہے کہ افغان سرزمین ہمارے خلاف استعمال نہ ہو، اگر افغان طالبان دہشتگردوں کیخلاف کارروائی نہیں کرتے تو ایک دن انہیں خود بھی اسے بھگتنا پڑے گا، پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی پشت

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

PAKIST
COUNT
اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار آئی ایس ایس آئی کے زیر اہتمام منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ضرورت ہوئی تو الیکشن تک خیبر پختونخواہ میں گورنر راج نافذ رہے گا، اختیار ولی

اس صوبے میں ہمارا کوئی سیاسی مقصد نہیں، ہمارا مقصد صرف امن اور ترقی ہے؛ وزیراعظم کے معاون خصوصی کی گفتگو

پشاور(جی این ایم)مسلم لیگ ن کے رہنما اور وزیراعظم کے معاونِ خصوصی اختیار ولی نے کہا ہے کہ صوبہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج ضرورت کے مطابق نافذ رہے گا اور اگر انتخابات تک بھی ضرورت پیش آئی تو اس کا نفاذ جاری رکھا جائے گا،

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

پیداوار کی خودکار نگرانی میں رکاوٹیں دور کی جائیں، وزیراعظم

وفاقی حکومت نے چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد سمیت مختلف پیداواری شعبوں میں نگرانی کا نظام نصب کرنے کا عمل تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے

وزیراعظم نے رضاکارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کرنے والی صنعتوں کے اقدامات کو سراہتے ہوئے متعلقہ وزارت کو دیگر پیداواری شعبوں میں بھی نظام کا آڈٹ کرنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صارف سے ٹیکس وصول کر کے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت ایف بی آر کی اصلاحات پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اعظم نذیر تارڑ، ڈاکٹر مصدق ملک، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیراعظم ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان، سپین کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، زرداری

اسلام آباد(یو این اے)صدر مملکت آصف علی زرداری نے سپین کے قومی دن پر شاہ فلپ ششم اور عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سپین

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخواہ کے متعدد اضلاع میں دفعہ 144 نافذ، جلسے جلوسوں پر پابندی عائد

پشاور میں بی آر ٹی سروس معطل، اسکول کالجز بند، ریڈ زون سیل، مختلف مقامات پر کنٹینرز موجود

پشاور(جی این ایم) صوبہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبائی دارالحکومت پشاور سمیت مختلف اضلاع میں حفاظتی و انتظامی اقدامات کے تحت سخت نوعیت کی پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق پشاور میں پبلک

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، عطاء اللہ تارڑ

افغانستان میں 20 ہزار سے زائد شدت پسند موجود، کالعدم ٹی ٹی پی کے چھ ہزار سے زائد جنگجو افغان سرزمین پر پناہ لئے ہوئے ہیں، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے

افغانستان میں انتہا پسندی اور شدت پسندی کے خاتمے کا خواہاں ہے اور خطے میں امن و استحکام کیلئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، وزیر اطلاعات کا کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد(اے این این) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ کر دنیا کو محفوظ بنایا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد شدت پسند موجود ہیں جبکہ کالعدم ٹی ٹی پی کے چھ ہزار سے زائد جنگجو افغان سرزمین پر پناہ لئے ہوئے ہیں، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد دہشت گردی کے بدلتے ہوئے منظرنامے پر اسلام آباد میں منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ دہشتگردی ایک

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل سابق سیشن جج سعادت اللہ خان بازئی سے صوبائی محتسب کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

EGYPT
CHAIR
وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پاکستان کی طرف سے باروورز پلیٹ فارم کی گورننگ کونسل کی صدارت سنبھال رہے ہیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا

اراکین اسمبلی کو قانون سازی اور پارلیمانی امور میں ایک ہی چھت تلے سہولیات میسر آئیں گی، طاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا، اراکین اسمبلی کو پارلیمانی امور میں معاونت کے لیے یکجا سہولیات فراہم ہوں گی سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ کی اراکین اسمبلی کو مرکز کے اغراض و مقاصد، سہولیات اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے پیر کے روز بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں پرائیویٹ سکولوں میں چھٹیوں کی فیس پر پابندی

باضابطہ نوٹیفکیشن جاری، ڈی سی منیر احمد درانی کی عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر ویسٹ نے نجی سکولز میں چھٹیوں کی فیس وصولی پر پابندی عائد کر دی گئی۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، ڈی سی منیر احمد درانی نے اسکولز کو عدالتی فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ چھٹیوں کی فیس وصولی سے متعلق پابندی کا اطلاق نوٹیفکیشن کے تحت ہوگا۔ حکام کے مطابق چھٹیوں کے دوران فیس وصول کرنے والے نجی سکولوں کے خلاف سخت کارروائی

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

سعودی فوجی اتحاد کا حوثی ملیشیا کو بھرپور جواب دینے کا اعلان

کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملہ جنگی جرم ہے، حملے کے نتائج حوثی ملیشیا کو بھگتنا پڑیں گے، ترجمان

ریاض (اے این این) سعودی فوجی اتحاد کا حوثی ملیشیا کو بھرپور جواب دینے کا اعلان کر دیا۔ سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان ترکی المالکی کا کہنا ہے کہ کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملہ جنگی جرم ہے، حملے کے نتائج حوثی ملیشیا کو بھگتنا پڑیں گے۔ یمنی فوج کے ترجمان کرنل ماجد عبداللہ التنزیلی نے کہا گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران حوثی ملیشیا پر 2 ہزار 750 حملے کیے، 1400 سے زیادہ حوثی باغی ہلاک کر دیے گئے ہیں۔ حملوں میں اسلحے اور گولہ

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

سعادت اللہ خان بازئی نے صوبائی محتسب بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

صوبائی محتسب شہریوں کی شکایات کے ازالے اور سرکاری بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سعادت اللہ خان بازئی سے صوبائی محتسب بلوچستان کے عہدے کا حلف لے لیا۔ اس سلسلے میں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں حلف برداری کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن، رکن بلوچستان اسمبلی نعیم بازئی اور ایڈووکیٹ جنرل عبداللطیف کاکڑ نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبائی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

جمہوری پاکستان کیلئے ہر طرح کے مذاکرات کیلئے تیار ہیں، محمود اچکزئی کی حکومت کو پیشکش

ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت دیں، ہم لکھ کر دیتے ہیں باہر آ کر کچھ نہیں بتائیں گے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

مجھے کہتے ہیں محمود خان نہیں ملنا چاہتا، میں ملنا چاہتا ہوں اور ہر جگہ مل لوں گا مگر وزیراعظم ہاؤس اور اسپیکر آفس میں نہیں ملوں گا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہم جمہوری پاکستان کے لیے ہر طرح کے مذاکرات کے لیے تیار ہیں، ہمیں عمران خان سے ملاقات کی اجازت دیں، ہم لکھ کر دیتے ہیں باہر آ کر کچھ نہیں بتائیں گے۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پارلیمنٹ کے باہر پریس کانفرنس کرتے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے لیبیا کے وزیر خلیفہ رجب عبدالصادق ملاقات کر رہے ہیں

پاکستانی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کریگی، وزیر خزانہ

حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے

،آئی ایم ایف سے پاکستان کو ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی مالی معاونت ملنے کی راہ ہموار ہوگئی، بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو

بنکاک (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت رواں مالی سال 4 فیصد سے زائد ترقی کرے گی، جبکہ حکومت 5 سے 6 سرکاری اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف رکھتی ہے۔ بنکاک میں بلوم برگ ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ عالمی اور علاقائی حالات کے باوجود پاکستان کی معیشت ترقی کی

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پولیس ناکے پر فائرنگ، کانسٹیبل نعمان شہید، اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی

پولیس کے اشارے پر گاڑی نہ روکنے پر ملزمان کی فائرنگ، ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری، ترجمان پولیس

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جوائنٹ روڈ پر سیٹلائٹ ٹاؤن تھانے کی حدود میں قائم پولیس ناکے پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں 1 پولیس کانسٹیبل شہید جبکہ 1 اہلکار اور 2 راہگیروں سمیت 4 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ترجمان کوئٹہ پولیس کے مطابق سیٹلائٹ ٹاؤن تھانہ کے علاقے میں معمول کے پولیس ناکے کے دوران اہلکاروں نے ایک مشکوک گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا۔ تاہم گاڑی میں سوار ملزمان نے رکنے کے بجائے پولیس پارٹی پر ساندھا فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی۔ ملزمان کی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں کانسٹیبل نعمان موقع پر ہی شہید ہو گئے، جبکہ کانسٹیبل جنید اور کانسٹیبل خالد شدید زخمی ہو گئے۔ اس کے علاوہ فائرنگ کی زد میں آ کر 2 بے گناہ راہگیر عطا محمد اور حارث بھی زخمی ہوئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر شہید اور تمام زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے سول ہسپتال ٹراما سینٹر منتقل کر دیا۔ ترجمان نے بتایا کہ

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیکیورٹی فورسز کا بنوں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ایک خارجی جہنم واصل

راولپنڈی (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں عزمِ استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں ایک خارجی دہشت گرد کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مصدقہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز نے خارجی کو ہلاک کیا، علاقے میں خوارج کی موجودگی اور نقل و حرکت پر مسلسل کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز ان کے نیٹ ورکس تباہ کرنے اور نقل و حرکت محدود کرنے میں موثر ثابت ہو رہے ہیں۔ سیکیورٹی فورسز نے

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا فیصلہ درست ہے: صوبائی وزراء

دہشت گردی کے سامنے ریاست آنکھیں بند نہیں رکھ سکتی، ظہور بلیدی و دیگر کا صوبائی اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس جاری ہے جس میں خیبر پختونخوا کی تازہ ترین صورتحال پر بحث کے دوران صوبائی وزرا نے وفاق کے اقدام کا دفاع کیا ہے۔ صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

حب، ڈکیتی، غیر قانونی اسلحہ اور منشیات کے مقدمات میں 3 ملزمان گرفتار

مسروقہ موبائل فون، 30 بور پسٹل معہ راؤنڈز اور 550 گرام آئس برآمد، ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز

حب (یو این اے) حب سٹی پولیس نے تین مختلف کامیاب کارروائیوں کے دوران ڈکیتی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور منشیات فروشی میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھینا گیا موبائل فون، غیر قانونی اسلحہ اور سنگین منشیات برآمد کر لی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایف بی آر کا انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطی پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے، اثاثے چھپانے اور ریکارڈ میں ردوبدل کرنے والوں کے خلاف جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق ٹیکس فائلرز کی ملک بھر میں موجود جائیدادوں اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا دستیاب ہے، جس کی مدد سے انکم ٹیکس گوشواروں میں ظاہر کی گئی معلومات کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایف بی آر انکم ٹیکس گوشواروں کا اپنے ڈیٹا سے خودکار نظام کے تحت موازنہ کرے گا، جبکہ معلومات کی تصدیق اور ممکنہ بے ضابطگیوں کی نشاندہی کیلئے مصنوعی ذہانت

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

جمعیت کو سیاسی طور پر دیوار سے لگانے کی کوششیں ناکام ہوں گی، مولانا واسع

جمعیت علمائے اسلام کی سیاست منفی پروپیگنڈوں اور میڈیا ٹرائل سے بے نیاز ہے، آغا محمود

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے لورالائی، دکی اور چمن کے دوروں سے واپسی پر کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کی سیاست منفی پروپیگنڈوں اور میڈیا ٹرائل سے بے نیاز ہے، جمہوریت، امن اور ملکی استحکام کے لیے قربانیاں تاریخ کا سنہرا باب ہیں۔ جماعت نے ہمیشہ آئین، جمہوری اقدار، عوامی حقوق اور ملکی استحکام کے لیے اصولی سیاست کا راستہ اختیار کیا ہے اور ہر مشکل دور میں اپنے موقف پر ثابت قدم رہتے ہوئے عوام کی ترجمانی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کسی بھی قسم کے منفی پروپیگنڈے، بے بنیاد الزامات اور میڈیا ٹرائل سے مرعوب ہونے والی جماعت نہیں، بلکہ بصیرت، سنجیدگی، سیاسی شعور اور زمینی حقائق کی بنیاد پر سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ جماعت کی سیاست کا بنیادی مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام کے حقوق کا تحفظ، جمہوری نظام کا استحکام، امن و امان کا قیام اور معاشرے میں انصاف و رواداری کا

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

کے پی کے حکومت کا خاتمہ ملک دشمنی کے مترادف ہے، پی ٹی آئی کوئٹہ

فارم 47 حکمرانوں کی خوشی جلد غم میں بدلے گی، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی خیبر پختونخوا میں حکومت کو ختم کرنا ملک دشمنی کے سوا کچھ نہیں ہے فارم 47 کے چپڑاسیوں کی خوشی جلد غم میں بدل جائے گی روڈوں پر ڈھول بجانا قابل گرفت اقدام ہے پنجاب نے مشرقی پاکستان بھی تھوڑا اور اب پشتونخواہ اور بلوچستان کو علیحدہ کرنے کی تیاری کی جا رہی ہے بیان میں کوئٹہ کا ایک چور ٹریکٹر ڈرائیور ایک ٹکسی کا چپڑاسی روڈوں پر مٹھائیاں تقسیم کرنا اور خوشی کا اظہار کرنا باعث شرم ہے وہ پہلے اپنی ناپاک حیثیت ہمیں بتائیں کہ وہ کس طرح سے آئے ہیں ان کو کوئٹہ کے لوگوں نے فیس بک پر اچھے جملوں سے نوازا ہے جو کہ اس کے حقدار تھے تحریک انصاف پاکستان کی سالمیت یکجہتی پر یقین رکھتی ہے ہمارا لیڈر عمران خان ہے ہم سب کو عوامی عدالت میں سزا دیں گے تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

پروجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عبدالسلام مینگل کا نیو ڈیرہ اللہ یار اور منجھو شوری گرڈ اسٹیشنز کا دورہ

بجلی کی ترسیل بہتر بنانے کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، عبدالسلام مینگل کی ہدایت

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) پروجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی عبدالسلام مینگل کی سربراہی میں واپڈا اور متعلقہ تکنیکی عملے کے افسران پر مشتمل ٹیم نے نیو 132 کے وی گرڈ اسٹیشن ڈیرہ اللہ یار اور 132/66 کے وی گرڈ اسٹیشن منجھو شوری کا دورہ کیا جہاں جاری کاموں اور مختلف تکنیکی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا دورے کے دوران ایکسین ولی خان کاکڑ، ایکسین اعجاز مری، ایس ڈی او محمد حفیظ سمالانی، ایس ڈی او محمد گزین کھوسو، ایس ڈی او محمد اصغر خان موسی خیل، ایل ایس زونل سیکرٹری سید اکبر شاہ، سب انجینئر جلات خان مندوخیل اور ایل ایس نور محمد گھنیہ بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر گرڈ اسٹیشن کے انچارج نذیر احمد محمد حسنی اور ٹی اینڈ جی ڈویژن کے کارکنان بھی موجود تھے۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر عبدالسلام مینگل نے دونوں گرڈ اسٹیشنوں میں جاری کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے پیش رفت، تکنیکی ضروریات اور کاموں کی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ نواں کلی میں پاک فوج کا تربیتی طیارہ حادثے کا شکار، 2 پائلٹ شہید

شہدا میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیرِ تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل، وزیراعلیٰ بلوچستان کا حادثے پر افسوس کا اظہار

میجر حسنین شہزاد اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت ناقابلِ تلافی قومی نقصان ہے، دکھ کی اس مشکل گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کا ایک زیر تربیت مشاق طیارہ تکنیکی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہو گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق اس ناگہانی حادثے کے نتیجے میں طیارے میں سوار دونوں پائلٹس نے جامِ شہادت نوش کیا۔ شہدا میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیر تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور کارروائی کا آغاز کر دیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد اور زیرِ تربیت پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے شہید ہونے والے دونوں پائلٹس کے لواحقین اور اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

نارکوٹ اور باغ میں شدید ژالہ باری سے فصلیں اور سولر پینلز تباہ

غریب کاشتکار شدید معاشی بحران کا شکار ہے، میر طارق محمود کھیتران

کوئٹہ (یو این اے) سینئر سیاستدان اور سابق صوبائی وزیر میر طارق محمود کھیتران نے رکھنی اور نارکوٹ، باغاو اور گرد و نواح میں ہونے والی غیر معمولی شدید ژالہ باری سے پیدا ہونے والی صورتحال پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناہموار موسم اور شدید ژالہ باری کے باعث علاقے میں کاشتکاروں کی تیار فصلیں، بالخصوص سبزی اور کپاس، مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں جس سے مقامی زمینداروں کو سنگین معاشی بحران کا سامنا ہے۔ ان خیالات اظہار انہوں نے پیر کو جاری کردہ بیان کیا۔ میر طارق محمود کھیتران نے کہا کہ فصلوں کے ساتھ ساتھ علاقے میں توانائی کے نظام کے لیے نصب کردہ کروڑوں روپے مالیت کے سولر پینلز بھی شدید ژالہ باری کی زد میں آ کر تباہ ہو گئے ہیں، جس کے نتیجے میں غریب کاشتکاروں کا بے تحاشا مالی نقصان ہوا ہے۔ سابق وزیر میر طارق محمود کھیتران نے حکومتِ بلوچستان اور متعلقہ انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ رکھنی اور ملحقہ علاقوں میں متاثرہ زمینداروں کے ہونے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

فیض آباد فیڈر سے منسلک تمبو اور خان کوٹ کے متعدد دیہات گزشتہ 4 روز سے بجلی سے محروم

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور کیسکو حکام بجلی کی طویل بندش کا فوری نوٹس لے کر بحالی یقینی بنائیں، علاقہ مکین

نصیر آباد (یو این اے) فیض آباد فیڈر سے منسلک تحصیل تمبو اور تحصیل خان کوٹ کے مختلف دیہات میں گزشتہ 4 روز سے بجلی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہے، جس کے باعث علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں گوٹھ میر شاہنواز عمرانی، گوٹھ میر کرم خان عمرانی، گوٹھ محمد اسماعیل عمرانی اور بچا بند کے ملحقہ دیہات شامل ہیں۔ طویل اور مسلسل بجلی کی بندش کی وجہ سے شدید گرمی کے موسم میں پینے کے پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے اور روزمرہ کے معمولات زندگی سخت متاثر ہیں۔ علاقے کے غیور عوام نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور کیسکو (QESCO) کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فیض آباد فیڈر پر بجلی کی اس غیر معقول بندش کا فوری نوٹس لیا جائے اور تکنیکی خرابی کو دور کر کے بجلی کی بحالی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش شدید مشکلات و پریشانی کا

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سمیت ٹریژری اور اپوزیشن ارکان ملاقات کر رہے ہیں

امر بالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

امریکی ہرجانہ

ایران سے جنگ میں امریکی شہریوں کی ہلاکتوں اور زخمی ہونے کے عوض ہرجانہ ادا کرنے کی شرط بھی معاہدے میں شامل کرلیں۔ اُنہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امریکہ ایرانی ہرجانے کے مطالبے کے جواب میں ہرجانہ طلب کرے گا۔ واضح رہے کہ اِس سے قبل ایران نے کہا تھا کہ امریکہ کئی ماہ تک جاری رہنے والی جنگ کے نقصانات کا ازالہ کرے۔ ٹرمپ نے جواب دیا کہ ایران نے ابھی تک تو کسی مذاکرات یا ملاقات میں یہ بات نہیں کی، اب وہ اچانک ہرجانے کا مطالبہ کررہا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ وہ ایران سے اُن تمام لوگوں کے لئے ہرجانے کا مطالبہ کررہے ہیں، جنہیں ایران نے سڑک کنارے نصب بموں اور متعدد تنازعات کے ذریعے ہلاک یا زخمی کیا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ وہ امریکی بحری جہاز یو ایس ایس کول پر ہلاک ہونے والوں کے اہلِ خانہ کے لئے بھی ہرجانے کا مطالبہ کررہے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کو پچھلے 50 برسوں کے دوران وہاں ہلاک ہونے والے مظاہرین کے اہلِ خانہ کے علاوہ گزشتہ پانچ ماہ میں ہلاک ہونے والے 52 ہزار افراد کو بھی ہرجانہ ادا کرنا چاہئے۔ اُنہوں نے امریکی مذاکرات کاروں کو اِس بارے میں ہدایت جاری کردی ہیں۔ دوسری جانب ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ (ایران کا) اسلامی نظام آج تاریخ کے حساس ترین دور سے گزر رہا ہے، دنیا سمجھ چکی ہے کہ ایران کو جھکایا نہیں جاسکتا، رہبرِ اعلیٰ کی قیادت میں عوامی، فوجی، سفارتی ہر میدان میں ملی اتحاد اور یکجہتی موجود ہے، ایرانی عوام دشمن کو اُس کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کررہے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران نے خود کو ناقابلِ شکست ثابت کردیا ہے، دنیا اِس حقیقت سے اچھی طرح آگاہ ہوچکی ہے، مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ اور دیگر حکام بھی اِس کا اعتراف کرچکے ہیں۔ مختلف ممالک کے حکام نے جو کچھ ایرانیوں نے کیا اُسے معجزہ قرار دیا، اُن کے نزدیک ایران نے پوری دنیا کو حیران کردیا، کسی کو توقع نہیں تھی کہ ایران اِس طرح مزاحمت کرسکے گا جبکہ امریکہ کو اسرائیل سمیت مغربی دنیا اور بعض دیگر ممالک کی حمایت بھی حاصل تھی۔ عباس عراقچی نے یاد دلایا کہ امریکی صدر نے جنگ کے آغاز میں ایران سے غیر مشروط ہتھیار ڈالنے کا مطالبہ کیا تھا، لیکن جنگ کے محض 20 دن بعد ہی وہ مذاکرات کے لئے منت سماجت کررہے تھے۔ آبنائے ہ? رمز بند پڑی ہے، تیل کی عالمی قیمتیں تاحال 80 ڈالر فی بیرل سے اوپر ہیں، اِن میں کمی نہیں ہو پارہی، ایسے میں دونوں فریق ایک دوسرے کو لفظی گھن گرج کے ذریعے نیچا دکھانے میں مصروف ہیں۔ اِس مین دو رائے نہیں کہ ایران نے اپنی بقاء ؒ کو یقینی بنایا ہے جبکہ امریکہ اِس جنگ سے جو بھی مقاصد حاصل کرنا چاہتا تھا وہ نہیں کر پایا۔ براہِ راست یا بالواسطہ لیکن پسِ پردہ مذاکرات چل رہے ہیں اور اِس کا اعتراف دونوں اطراف سے کیا گیا ہے لیکن وہ نتیجہ خیز اِس لئے ثابت نہیں ہو رہے کیونکہ دونوں ممالک اپنی اپنی جیت منوانے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اِس بارے میں کسی کو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں، حقیقت عیاں ہوچکی ہے، اِس وقت دنیا کو اُس معاشی بحران سے بچانا چاہئے جو اِس کھینچا تانی کی وجہ سے پیدا ہو رہا ہے، کئی ممالک ڈیفالٹ کے دہانے پر کھڑے ہیں جبکہ کم وبیش دنیا کے سبھی ممالک معاشی طور پر اِس سے بُری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ بعض ماہرین کے نزدیک یہ جنگ آج بند ہوجائے، آبنائے ہرمز کھل جائے، تیل کی عالمی قیمتوں میں مطلوبہ کمی ہوجائے تو بھی کئی ممالک کو اِس جنگ کے اثرات سے نکلنے میں سالوں لگ سکتے ہیں۔ کبھی ایک طرف سے تو کبھی دوسرے طرف سے نئی شرائط سامنے آجاتی ہیں، امریکہ صدر نے ایران کی طرف سے ہرجانہ مانگنے کے جواب میں اُلٹا ہرجانہ مانگنے کا اعلان کر دیا ہے، فریقین کو محض اپنے اپنے عوام کو خوش کرنے کے لئے بیانات دینے کا سلسلہ بند کرنا چاہئے۔ امریکہ ایران پر حملہ آور ہوا تھا اِس لئے ایران کی طرف سے ہرجانہ طلب کرنے کا مطالبہ سمجھ میں آتا ہے تاہم امریکہ صدر کی طرف سے ہرجانے کا مطالبہ کچھ جچتا نہیں۔ آج تک کبھی کسی حملہ آور کا یہ حق تسلیم نہیں کیا گیا کہ وہ جارحیت کا نشانہ بننے والوں سے ہرجانہ طلب کرے، یہ مطالبہ غیر دانشمندانہ بلکہ بچگانہ ہے، جس سے معاملات کو مزید اُلجھایا تو جاسکتا ہے، سلجھانے کی کوئی کوشش نہیں ہوسکتی۔ اصل ہرجانہ تو دنیا بھر عوام روزانہ کی بنیاد پر دے رہے ہیں، مزید وقت ضائع کیے امریکہ اور ایران کو آبنائے ہ? رمز کی بندش ختم کر کے عوام کو کم از کم اُس ہرجانے سے بچانے کا راستہ نکالنا چاہئے۔

ظالمو مارتے کیوں ہو؟

نسیم شاہد

روزانہ ہی کوئی ایسی خبر دل کو مغموم کر دیتی ہے جس میں کسی بیٹی کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا ہوتا ہے یا کوئی شقی القلب شوہر اپنی نو بیاہتا بیوی کو اپنی نفرت یا غصے کی بھینٹ چڑھا دیتا ہے۔ یہ کیا ہو رہا ہے اور اس کی یہ بڑھتی ہوئی ریت کیا یونہی چلتی رہے گی، کوئی روکنے والا نہیں۔ یہ ملک آج بھی لگتا ہے اسی جہالت کے زمانے کی توسیع ہے جب بیٹیوں کو پیدا ہوتے ہی مار دیا جاتا تھا بلکہ زندہ دفن کر دی جاتی تھیں۔ جب پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز بنیں تو امید پیدا ہوئی تھی کہ اب یہاں عورتوں اور لڑکیوں کے بارے میں ظلم کرنے والے سو مرتبہ سوچیں گے۔ یہ وہ امید تھی جو محترمہ بےنظیر بھٹو کی حکومت کے زمانے میں بھی پیدا ہوئی تھی، مگر نہ اس وقت پوری ہوئی اور نہ اب مریم نواز کے دور میں پوری ہو رہی ہے۔ مریم نواز نے تو باقاعدہ یہ اعلان بھی کیا تھا کہ عورتیں ان کی ریڈ لائن ہیں ان کے خلاف کوئی بھی جرم وہ کسی صورت برداشت نہیں کریں گی مگر کہاں جی، جب پولیس ہی ڈھیل کی راہیں نکالتی ہو۔ نئی کہانیاں گھڑ کے حقائق کو توڑ مروڑ دیتی ہو تو ایسے لوگوں کو نشانِ عبرت کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ افسوسناک امر معاشرے کا رویہ بھی ہے۔ آج بھی ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو سمجھتے ہیں کہ خواتین کا باہر نکلنا یا خودمختار ہونا دراصل ان واقعات کی اصل جڑ ہے لیکن ایسے لوگوں کو اس وقت چپ لگ جاتی ہے جب ایک گھر میں بیٹھی ہوئی بیوی کو درندہ صفت شوہر شادی کے صرف 9 ماہ بعد قتل کر دیتا ہے۔ حیرت یہ ہے کہ اس کے اس عمل میں اس کی ماں بھی شامل ہوتی ہے۔ اب منطقی طور پر یہ سوال ابھرتا ہے کہ اگر آپ کا نبھاہ نہیں ہو رہا تو مذہب اور قانون نے ایک راستہ کھلا رکھا ہے، آپ طلاق دے دیں، علیحد ہو جائیں، اس کی جان کیوں لیتے ہیں؟ یہ تو سراسر حیوانیت ہے، درندگی ہے۔ بعض وکلاء ؒ دوست کہتے ہیں ہمارے قوانین میں عورت کو بہت سے تحفظ دیئے گئے ہیں۔ طلاق کی صورت میں حق مہر کے ساتھ جہیز کا سامان اور زیور وغیرہ بھی واپس کرنا پڑتا ہے۔ اس لئے یہ راستہ اختیار کرنے کی بجائے یہ وحشیانہ راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔ کبھی چولہا پھٹنے کا ڈرامہ رچا کر، کبھی خودکشی کا نام دے کر اور کبھی کسی جگہ سے گرنے کی کہانی بنا کر بیوی کو موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے۔ انصاف کا ملنا اتنا پیچیدہ ہے کہ بیٹی والے جو پہلے ہی معاشی طور پر کمزور ہوتے ہیں یہ بار نہیں اٹھا سکتے اور ملزم جلد ہی بری ہو جاتا ہے۔ یہ کہانی بھی اس معاشرے میں بار بار سننے کو ملتی ہے کہ پسند کی شادی کرنے والے لڑکے اور لڑکی کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ ہمارے ایک دوست ہیں، پڑھے لکھے اور خوشحال بھی۔ انہوں نے اپنی بیٹی کو اچھی تعلیم دلوائی، دوران تعلیم ان کی بیٹی اپنے کلاس فیلو سے عہد و پیمان کر بیٹھی۔ لڑکا ایک غریب گھرانے سے تھا اور ذات پات بھی نہیں ملتی تھی۔ ان کی اہلیہ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے ایک بار تو بیٹی کو اچھی بھلی پھینٹی لگائی اور یہ بھی کہا کہ وہ اب اسے یونیورسٹی نہیں بھیجے گی۔ ہمارے دوست بتاتے ہیں کہ یہ ان پر بہت کڑا وقت تھا کیونکہ وہ اپنے ایک دوست کے ساتھ ایسے ہی حالات میں ایک سانحہ ہوتے دیکھ چکے تھے۔ اس کی بیٹی نے خودکشی کرلی تھی اور جس سے پیار کرتی تھی اس لڑکے نے ان کے گھر کے سامنے آکر خودسوزی کی تھی۔ وہ کہتے ہیں میں نے اپنی بیوی کو سمجھایا، یہ ہمارے دور کی نسل نہیں، بہت جذباتی نسل ہے، ہمیں ایک بار اس لڑکے اور اس کی فیملی سے ملنا تو چاہیے۔ ہم اپنی پسند سے بھی تو بیٹیوں کو جہاں چاہے رشتہ کرکے بھیج دیتے ہیں، پھر جو خرابیاں پیدا ہوتی ہیں وہ بھی ہمارے سامنے ہیں۔ انہوں نے اپنی اہلیہ کو متعدد ایسی مثالیں دیں جو رشتہ داروں اور جاننے والوں سے متعلق تھیں کہ ان کی بیٹیوں کو طلاق ہوگئی یا پھر وہ حالات سے تنگ آکر خلع لینے پر مجبور ہوگئیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ میری بیوی مان گئی۔ ہم نے دیکھ بھال کے، پوچھ گچھ کرکے اطمینان کرلیا کہ فیملی غریب ہے مگر عزت دار ہے، بیٹا بھی ذہین اور شریف ہے۔ دونوں کی تعلیم مکمل ہوئی تو انہوں نے شادی کردی۔ وہ دوست بتاتے ہیں کہ شادی کو دو سال ہوگئے ہیں۔ بیٹی کو اللہ نے ایک بیٹا دیا ہے۔ دونوں جاب کرتے ہیں، خوش وخرم زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ کہنے لگے یار نسیم، ذرا سوچو میں بھی وہی کام کرتا جو عام طور پر ہمارے ہاں ہوتا ہے۔ بیٹی پر جہیز، ظلم اور تشدد کا پہاڑ توڑ کر اسے مجبور کرتے ہیں کہ وہ اپنی ضد سے باز آجائے اور اس کی شادی اپنی پسند کے کسی نوجوان سے کر دیتے تو بعد میں غلط نکلتا تو کیا آج میں اتنا پرسکون ہوتا، دوسری صورت میں بیٹی بغاوت کرتی، بھاگ کر اس نوجوان سے کورٹ میرج کرلیتی اور میں اپنی وحشت اور ضد کو تسکین دینے کے لئے دونوں کو قتل کرا دیتا تو کیا آج آزاد ہوتا یا چین کی نیند سوتا۔ ان کی باتیں سنیں تو سوچنے لگا اس شخص نے زندگی گزارنے کا کتنا خوبصورت راستہ نکالا ہے۔ ضد اور انا کے نتیجے میں جب والدین کا اپنا ہی انتخاب کوئی درندہ نکل آتا ہے اور ان کی بیٹی کو بے دردی سے مار کر نعش ان کے پاس بھیج دیتا ہے تو ان والدین کی یہ سوچ کر ہی روح کانپ جاتی ہے کہ انہوں نے اپنی معصوم بیٹی کو کس درندے کے سپرد کیا تھا۔ وہ بڑا جاہل اور بے غیرت ہے جس نے غیرت کے نام پر قتل کی اصطلاح ایجاد کی۔ اسے جہالت کے نام پر قتل کہنا چاہیے۔ آپ کسی کچہری کا چکر لگا کر خلع کے کیسز کی تعداد تو معلوم کریں۔ ہوش اڑ جائیں گے۔ والدین ان بے جوڑ شادیوں کی ذمہ داری قبول کرنے کو تیار نہیں ہوتے اور بیٹیوں کو یہی کہتے ہیں۔ گذارا کرنے کی کوشش کرو، ایک زمانے میں تو یہ بھی کہتے تھے بیٹی اب اس گھر سے تمہاری نعش ہی آنی چاہیے۔ کیا اس سے بڑی جہالت کوئی ہوسکتی ہے؟

عطاء اللہ شاہ بخاری! شاہ جی!

انتظار احمد اسد

''جو چیونٹی انگریز کی سفید پنڈلیوں کو کاٹے گی میں اسے شکر ڈالوں گا'' یہ تھے اس شخصیت کے الفاظ جو ایشیا کے سب سے بڑے خطیب بنے، جس نے اپنی آدھی زندگی ریل اور آدھی جیل میں گزاری، جس کا سر کبھی کسی جابر کے سامنے نہیں جھکا۔ وہ بیک وقت انگریز، مرزائیت، فسطائیت اور جاگیرداروں سے نبرآزما رہے۔ وہ ایک طرف سدھی تحریک کے خلاف سینہ سپر ہوئے تو دوسری طرف ہندو شاتم رسول? کو ناکوں چنے چبوائے۔ دنیا کے وہ واحد خطیب تھے جو عشاء ؒ کے وقت تقریر شروع کرتے تو اذان صبح تک جاری رکھتے، سامعین ہلتے تک نہ تھے۔ ان کی خطابت کا جادو اپنے پرائے سب محسوس کرتے تھے۔ وہ قرآن کی تلاوت یوں کرتے کہ لوگ اپنے آپ کو قران میں گم پاتے، محسوس یوں ہوتا قرآن آسمان سے اتر رہا ہے۔ انگریز نے اپنے اس نمبرون دشمن کے بارے میں اپنی خفیہ رپورٹ میں لکھا تھا کہ ''اسے خریدا نہیں جا سکتا''۔ دنیا اس شخصیت کو ''شاہ جی'' کے نام سے یاد کرتی ہے۔ سید عطا اللہ شاہ بخاری ''نجیب الطرفین حسنی سید تھے۔ آپ کی نانی حضرت خواجہ باقی باللہ کی نواسی تھیں۔ آپ کے بزرگ گجرات کے گاؤں ناگڑیاں میں پشمینہ کا کاروبار کرتے تھے، جو کاروبار کے سلسلے میں، بہار پٹنہ چلے گئے تھے۔ جہاں آپ کے والد سید ضیاء ؒ الدین شاہ بخاری کی شادی سیدہ فاطمہ اندرابی سے ہوئی، جو حکیم سید احمد اندرابی کی بیٹی تھیں۔ سید عطاء ؒ اللہ شاہ بخاری چار سال کے تھے کہ والدہ وفات پا گئیں۔ آپ کا بچپن عظیم شاعر شاد عظیم آبادی کی صحبت میں گزرا۔ آپ نے عربی و فارسی کی تعلیم اپنے نانا، نانی اور شاد عظیم آبادی سے حاصل کی تھی۔ قرآن سے محبت شاہ جی کو وراثت میں ملی تھی۔ دو سال کی مدت میں آپ نے قران حفظ کیا۔ والئی ترکی سلطان عبدالحمید کے بچوں کے اتالیق محمد عمر عاصم ان دنوں ہندوستان کے دورے پر تھے۔ وہ پٹنہ آئے تو یہیں رہنے لگے۔ شاہ جی نے ان سے حجازی لہن میں قر?ت قرآن سیکھی۔ آپ بنارس میں میاں شاکراللہ کے پاس بھی رہے، جو پہلوان تھے اور چاندی کے ورق کوٹتے تھے۔ شاہ جی نے یہیں سے فن پہلوانی کو سیکھا۔ آپ کثرت کرتے اور ڈینٹر پیلتے تھے۔ 21 سال کی عمر میں شاہ جی امرتسر آگئے، جہاں کٹڑاں کمہاراں میں مفتی غلام مصطفیٰ قاسمی سے آپ نے صرف ونحو اور فقہ کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کی شادی اپنے والد کے عم زاد سید میر مرتضیٰ شاہ کی بیٹی سے ہوئی۔ شاہ جی کی پہلی تقریر اندرون گلوائی دروازہ بازار کمہاراں میں ہوئی تھی۔ یہیں آپ نے تفسیر قران اور مشکو? شریف مولانا نور احمد اور مفتی محمد حسن سے پڑھی تھی۔ 1914ء ؒ میں جلیانوالا باغ کا حادثہ ہوا جس نے شاہ جی کی زندگی کا رخ موڑ دیا تھا۔ اس حادثہ کے بعد آپ نے خطابت کے وہ جوہر دکھائے کہ ایک عالم آپ کا اسیر ہوگیا۔ آپ امرتسر سے ابھرے اور پورے ہندوستان کی دنیا خطابت پے چھا گئے۔ ترک موالات اور تحریک خلافت میں آپ کی خدمات کا ایک عالم معترف رہا۔ انہیں دنوں تن تنہا مرزا بشیرالدین محمود کے جلسے کو آپ نے یوں پلٹا کہ مرزائی فتنے پر لرزاں طاری ہوگیا۔ شاہ جی نے اب اپنی زندگی کا مشن، مرزائیت کی سرکوبی، انگریز حکومت کی مخالفت، سدھی تحریک کا توڑ اور تحریک شاتم رسول? کا مقابلہ، بنالیا تھا۔ ان دنوں آپ کی شہرت، امرتسر سے نکل کر، راوی جناب کی لہروں پر تیرتے ہوئے ہندوستان بھر میں ہوئی۔ دلی سے اٹک کے کنارے تک آپ پر پرچے ہوئے۔ 27 مارچ کو آپ کی پہلی گرفتاری ہوئی۔ امرتسر میں ہڑتال ہوئی۔ مقدمے کی سماعت پر شاہ جی نے جرم قبول کر لیا۔ آپ کو تین سال قید با مشقت سنائی گئی، جس پر آپ نے یہ شعر پڑھا: دار کے حقدار کو قید سہ سالہ ملی رہائی کے بعد امرتسر محلّہ کوچہ عارف ڈار چوک فرید میں آپ مستقل رہائش پذیر ہو گئے۔ مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی اور چوہدری افضل حق نے جب ''مجلس احرار اسلام'' قائم کی، تو شاہ جی اس کے روح رواں بنے۔ آپ نے قادیان میں کانفرنس کی۔ شاہ جی کی پہلی بیعت حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑوی? سے تھی۔ بعد میں آپ شاہ عبدالقادر رائے پوری رح کے مرید باصفا ہوئے۔ لاہور میں مولانا احمد علی لاہوری? کی مسجد شیرانوالہ گیٹ میں علامہ انور شاہ کاشمیری? نے سینکڑوں علماء ؒ کی موجودگی میں شاہ جی کو امیر شریعت کا لقب دے کر آپ کی بیعت کی۔ اپریل 1946ء ؒ کو رات 11 بجے ''اردو پارک دلی'' میں آپ نے وہ شہرہ آفاق خطاب کیا تھا جس میں پانچ لاکھ کا مجمع تھا۔ اس جلسے کی صدارت مولانا حسین احمد مدنی نے کی تھی، جبکہ مولانا ابوالکلام ازاد، جواہر لال نہرو اور وزیر ہند لارڈ پیتھک لارنس بھی اس جلسے میں موجود تھے۔ اپنے خطاب میں آپ نے تقسیم ہند، بنگال اور پنجاب کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کیا تھا آج 79 سال بعد وہ درست ثابت ہوئے ہیں۔ تقسیم ہند کے بعد آپ امرتسر سے ہجرت کر کے پہلے خان گڑھ نوابزادہ نصراللہ خان کے پاس آئے۔ پھر ملتان میں رہائش پذیر ہو گئے۔ آپ نے سیاست سے کنارہ کشی کا اعلان کیا اور اپنے آپ کو فتنہ مرزائیت کے انسداد کے لیے وقف کر دیا۔ 953 کی تحریک ختم نبوت میں آپ نے علامہ ابوالحسنات قادری کی قیادت میں حصہ لیا۔ اس تحریک میں لوگ مال روڈ لاہور پر شہید ہوئے۔ شاہ جی کو گرفتار کر لیا گیا۔ کراچی اور سکھر کی جیل میں ناقص غذا، قید و مشقت اور مسلسل بیماری کی وجہ سے آپ پر شوگر اور فالج کا شدید حملہ ہوا جس نے آپ کو ناتواں کردیا۔ سید عطا اللہ شاہ بخاری ? مرنجاں مرنج جب کبھی آپ لاہور تشریف لاتے، مولانا عبدالمجید سالک، پطرس بخاری، صوفی تبسم، فیض احمد فیض، احسان دانش، عدم، ساغر صدیقی، حفیظ جالندھری، مولانا ظفر علی خان، شیخ حسام الدین، ماسٹر تاج دین انصاری، پیر فیض الحسن، ابو الحسنات قادری، مظفر علی شمشی، اور دیگر طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے احباب اپ کی مجلس میں شامل ہوتے تھے۔ 21 اگست 1961ء ؒ کو بر صغیر کا یہ عظیم خطیب زندگی کے 72 سال گزار کر اس جہان فانی سے رخصت ہوگیا۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون۔

موریطانیہ جہاں ریت نے تاریخ لکھنا سیکھا

نوید سحر

موریطانیہ کا نام سنتے ہی ذہن میں وسیع صحرا سنہری ریت اور خاموش افق کا تصور ابھرتا ہے۔ مگر یہ ریت محض مٹی نہیں صدیوں کی تاریخ تجارت علم اور تہذیب کی یادداشت ہے۔ کبھی اسی صحرا میں اونٹوں کے قافلے نمک سونا کپڑے دھاتیں اور کتابیں لے کر ایک خطے سے دوسرے خطے تک سفر کرتے تھے۔ یوں صحار، جو آج قدرتی رکاوٹ دکھائی دیتا ہے کبھی تہذیبوں کو ملانے والی عظیم شاہراہ تھا۔ موریطانیہ شمالی افریقہ اور مغربی افریقہ کے درمیان ایک اہم تاریخی پل رہا ہے۔ قدیم قافلے صرف سامان نہیں لے جاتے تھے بلکہ ان کے ساتھ زبانیں خیالات مذہبی تصورات اور ثقافتی اثرات بھی سفر کرتے تھے۔ پانی ان کیلئے زندگی اور راستوں کا علم سب سے قیمتی دولت تھا۔ اونٹ اس مشکل سفر کا قابلِ اعتماد ساتھی تھا۔ اسی تاریخی سرگرمی کے نتیجے میں وادان چنگوٹی تشیت اور ولاتہ جیسے قصبات آباد ہوئے۔ ابتدا میں یہ قافلوں کے پڑاؤ تھے مگر رفتہ رفتہ تجارت تعلیم مذہب اور ثقافت کے مراکز بن گئے۔ ان کی گلیاں مساجد مکانات اور قدیم تعمیرات آج بھی اس زمانے کی یاد دلاتی ہیں جب صحرا کے بیچ شہر آباد کرنا ایک غیر معمولی انسانی کارنامہ تھا۔ ان شہروں میں چنگوٹی کو خاص مقام حاصل ہے۔ صحرا کے وسط میں واقع یہ شہر بظاہر خاموش ہے مگر اس کی خاموشی میں علم اور کتابوں کی آواز محسوس ہوتی ہے۔ یہاں دور دراز علاقوں سے علما اور طلبہ آتے تھے۔ قرآن حدیث فقہ عربی ادب اور دیگر علوم کی کتابیں نسل در نسل محفوظ کی گئیں۔ جہاں پانی کا ایک قطرہ قیمتی تھا وہاں کتابوں کو بھی خزانے کی طرح سنبھال کر رکھا جاتا تھا۔ چنگوٹی ہمیں سکھاتا ہے کہ تہذیب ہمیشہ بڑی عمارتوں کی محتاج نہیں ہوتی۔ ایک مسجد ایک مدرسہ چند کتابیں اور علم سے محبت رکھنے والے انسان بھی صدیوں تک علمی روایت کو زندہ رکھ سکتے ہیں۔ وادان تشیت اور ولاتہ بھی اسی علمی وتجارتی روایت کے اہم مراکز تھے۔ 1996 میں وادان چنگوٹی تشیت اور ولاتہ کو عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کیا گیا۔ موریطانیہ کی تاریخ اسلام کے پھیلاؤ سے بھی گہری وابستہ ہے۔ تجارت کے ساتھ علما آئے مدارس قائم ہوئے عربی زبان پھیلی اور اسلامی علوم نے معاشرتی زندگی پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ گیارہویں صدی میں المرابطین کی تحریک ابھری جس نے مغربی صحارا اور مغربی افریقہ میں اہم مذہبی و سیاسی کردار ادا کیا۔ بعد میں اس کے اثرات شمالی افریقہ اور اندلس تک پہنچے۔ قدیم قافلوں کا سفر آج کے انسان کیلئے ناقابلِ تصور محسوس ہوتا ہے۔ شدید گرمی پانی کے محدود ذخائر ریت کے بدلتے راستے اور قدرتی خطرات ان کے مستقل ساتھی تھے۔ اس کے باوجود انسان نے صحرا سے شکست قبول نہیں کی۔ اس نے کنوؤں کی پہچان سیکھی ستاروں سے سمتیں معلوم کیں اور ریت کے اندر راستے تلاش کیے۔ یہی موریطانیہ کی تاریخ کا بڑا سبق ہے: تہذیبیں ہمیشہ سرحدوں کے اندر پیدا نہیں ہوتیں بعض اوقات وہ راستوں پر جنم لیتی ہیں۔ قافلے سامان کے ساتھ خیالات زبانیں روایات اور ثقافتیں بھی منتقل کرتے تھے۔ اس اعتبار سے وہ تہذیب کے سفیر تھے مگر تاریخ کا سفر ہمیشہ ہموار نہیں رہا۔ انیسویں صدی میں فرانس کا اثر مغربی افریقہ میں بڑھا اور موریطانیہ فرانسیسی نوآبادیاتی نظام کا حصہ بن گیا۔ اس دور نے روایتی سیاسی سماجی اور انتظامی نظام میں بڑی تبدیلیاں پیدا کیں۔ دوسری جنگِ عظیم کے بعد آزادی کی تحریک مضبوط ہوئی اور بالآخر 28 نومبر 1960 کو موریطانیہ نے فرانس سے آزادی حاصل کی۔ نئی ریاست کو وسیع صحرائی رقبے محدود وسائل اور مختلف معاشرتی و لسانی گروہوں جیسے چیلنجز کا سامنا رہا۔ موریطانیہ کی شناخت صرف صحارا سے نہیں بنتی۔ مغرب میں بحرِ اوقیانوس اور جنوب میں دریائے سینیگال کا خطہ اسے منفرد جغرافیائی مقام عطا کرتا ہے۔ بینک دارگین نیشنل پارک میں صحرا اور سمندر کا ملاپ اس ملک کے جغرافیائی تنوع کی خوبصورت مثال ہے۔ ایک طرف بے کنار ریت دوسری طرف بے کنار پانی اور درمیان میں انسان یہ منظر موریطانیہ کی پوری شخصیت کا استعارہ محسوس ہوتا ہے۔ وقت کے ساتھ قدیم قافلوں کے راستے بدل گئے کئی تجارتی مراکز نے اپنی اہمیت کھو دی بستیاں ویران ہوئیں اور صحرا نے بعض آبادیوں کو اپنے اندر سمیٹ لیا۔ مگر تاریخ ختم نہیں ہوئی۔ چنگوٹی کے مخطوطات وادان کی گلیاں تشیت کے آثار اور ولاتہ کی تعمیرات آج بھی اس دور کی گواہی دیتے ہیں جب صحرا کے بیچ علم تجارت اور تہذیب کے چراغ روشن تھے۔ موریطانیہ کی تاریخ انسان اور صحرا کے درمیان ایک طویل مکالمہ ہے۔ قدرت نے انسان کو ریت دی اس نے راستے تلاش کیے فاصلے دیے تو قافلے بنا لئے خاموشی دی تو اس میں علم کی آواز پیدا کر دی۔ انسان نے صحرا کو فتح نہیں کیا بلکہ اسے سمجھا اور اس کے ساتھ زندگی گزارنے کا ہنر سیکھا۔ لیکن موریطانیہ کی داستان صرف ماضی کا نوحہ نہیں بلکہ انسانی استقامت کی ایک روشن مثال بھی ہے۔ یہاں کے لوگوں نے بدلتے حالات کے باوجود اپنی ثقافتی شناخت، علمی روایت اور تاریخی ورثے کو محفوظ رکھنے کی کوشش کی۔ قدیم مخطوطات صرف پرانی کتابیں نہیں بلکہ ان نسلوں کی ذہنی دنیا کا آئینہ ہیں جنہوں نے سخت ترین ماحول میں علم کو زندگی کا حصہ بنایا۔ آج جب جدید دنیا تیز رفتار ترقی ٹیکنالوجی اور شہری پھیلاؤ کی طرف بڑھ رہی ہے موریطانیہ ہمیں ٹھہر کر یہ سوچنے کا موقع دیتا ہے کہ ترقی صرف بلند عمارتوں کا نام نہیں اصل ترقی اپنی تاریخ علم اور تہذیبی یادداشت کو محفوظ رکھنے میں بھی ہے۔ صحرا کی وسعت انسان کو اس کی محدودیت کا احساس دلاتی ہے مگر یہی صحرا اسے تخلیق صبر اور جستجو کا سبق بھی دیتا ہے۔ شاید اسی لئے موریطانیہ کی ریت میں آج بھی ایک عجیب کشش محسوس ہوتی ہے۔ یہاں گزرنے والا ہر قافلہ ہر قدیم راستہ اور ہر خاموش بستی گویا ایک سوال چھوڑ جاتی ہے انسان ناممکن حالات میں کیا کچھ کر سکتا ہے موریطانیہ کا جواب صدیوں پر پھیلا ہوا ہے وہ راستہ بنا سکتا ہے شہر آباد کرسکتا ہے علم محفوظ کرسکتا ہے اور اپنی تہذیب کو آنیوالی نسلوں تک پہنچا سکتا ہے۔ موریطانیہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تاریخ ہمیشہ محلوں اور شاہی درباروں میں نہیں لکھی جاتی۔

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

کے ایوی ایشن کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور سٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے شہدا کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہدا کے درجات بلند فرمائے، انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں۔ پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اوران کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

بقیہ 2

میڈیا ٹیم بنائی گئی، دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے سکیورٹی اداروں کو معاونت، قانون سازی اور بیانیے میں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے، مگر بین الاقوامی سطح پر بننے والے ماحول میں وفاق پرحملہ آور ہونے کی باتیں کی جاتی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے شہید بینظیر بھٹو کی قربانی دی عوامی نیشنل پارٹی اپنی لیڈر شپ کی قربانی دی ہے انہوں نے بلوچستان کو خیر پختونخوا کے ساتھ جوڑنے کی بات چل رہی ھے بلوچستان حکومت وفاقی حکومت کے ساتھ ملکر دہشت گردی کے خاتمے کے مصروف عمل ھے خیبر پختونخوا میں بدامنی کی وجہ سے ایمر جنسی نہیں لگی بلکہ دہشتگردی کے خاتمے میں تعاون نہ کرنے پر لگایا گیا۔

بقیہ 3

پناہی میں ملوث ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں خیبر پختونخوا کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا خطے اور دنیا کیلئے سب سے بڑا چیلنج دہشت گردی ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیوں کی داستان رقم کی ہے، پاکستان نے ہمت، بہادری اور مضبوطی سے دہشت گردی کا سامنا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی معیشت کو شدید نقصان کا سامنا کرنا پڑا، دنیا کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری قربانیوں کا اعتراف کرنا ہوگا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں دہشت گردی کے خاتمے کے لئے نئے خطوط پر کام کیا، قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے دن رات کوشاں ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے 90ہزار سے زائد جانوں کا نذرانہ پیش کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہر صوبے کو اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ پاکستان نے سانحہ جعفر ایکسپریس، بلوچستان میں مزدوروں کے اغوا اور شہادتوں جیسے واقعات کا سامنا کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، انکی ہدایت پر روز کی بنیاد پر دہشت گردوں کیخلاف آپریشن ہورہے ہیں، افغان رجیم پر مسلسل زور دے رہے ہیں کہ وہ اپنی سرزمین دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دیں، دہشت گردی کے معاملے پر بات چیت کیلئے افغانستان کے دورے بھی کیے، پاکستان کا افغانستان سے صرف ایک مطالبہ ہیکہ وہ اپنی سرزمین دہشتگردی کیلیے استعمال نہ ہونے دے۔ نائب وزیراعظم کا کہنا ہے کہ اگست 2025 میں کابل میں پاکستان، چین اور افغانستان کا سہ فریقی اجلاس ہوا، بدقسمتی سے دہشت گردی کے معاملے پر افغان حکام نے وعدے پورے نہیں کیے، افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد گروپوں کی موجودگی خطے میں امن کے لئے خطرہ ہے، سرحد پار سے دہشت گرد دراندازی کرکے ہمارے جوانوں، شہریوں پرحملہ کرتے ہیں، افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ دہشت گردی نے پاکستان کے امیج اور ساکھ کو نقصان پہنچایا، وزیراعظم نے وژن عزم استحکام کی منظوری صوبوں اور اسٹیک ہولڈر کی مشاورت سے دی، ہمارا مقصد بنیادی وجوہات سمیت دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہے، ہر ادارے کی اپنی ذمہ داری ہے، دہشتگردی کے خاتمے کے لیے وفاق اور صوبوں کو یکجا ہوکر کام کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان سرزمین سے پاکستان پر ہونے والے حملے بند ہونے چاہئیں، افغان سرزمین سے نہتے پاکستانیوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے، جعفر ایکسپریس کو ہائی جیک کرنے کا منصوبہ بھی افغان سرزمین پر بنا، افغان طالبان رجیم دہشت گردوں کو اسلحے سمیت ہر قسم کی امداد فوری بند کرے۔ اسحاق ڈار نے مزید کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے، پاکستان دہشت گردی کیخلاف کارروائیوں سے عالمی برادری کو آگاہ کرتا رہا ہے، دہشت گردوں کیخلاف کارروائی کرنا خود افغانستان کے اپنے مفاد میں ہے، اگر افغان حکومت دہشت گردوں کیخلاف کارروائی نہیں کرتی تو ایک دن انہیں خود بھی اس کا نتیجہ بھگتنا پڑیگا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کلبھوشن یادیو پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث تھا، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی پشت پناہی میں ملوث ہے۔

بقیہ 4

تاہم عام انتخابات اپنے مقررہ وقت پر ہوں گے اور ان کی راہ میں کوئی رکاوٹ پیش نہیں آئے گی۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا سے گفتگو میں خیبر پختونخواہ کی انتظامی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی کے نفاذ سے قبل بھی صوبائی اسمبلی غیر فعال تھی اور وزیراعلی سمیت دیگر اراکین اسمبلی تکنیکی طور پر معطل ہی تھے۔ سابق وزیراعلی سہیل آفریدی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ سہیل آفریدی اس وقت حفاظتی تحویل میں ہیں اور انہوں نے خود کو رضاکارانہ طور پر حکام کے حوالے کیا ہے، صوبے میں اب بے لاگ احتساب کا عمل شروع ہوگا اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ وزیراعظم کے معاونِ خصوصی نے صوبے کی سیکیورٹی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں انتظامی نظام شدید متاثر تھا اور بعض اضلاع کی صورتحال ابتر ہوچکی تھی، وفاقی حکومت کا کوئی سیاسی مقصد ہے، حکومت کا واحد مقصد صوبے میں امن و امان کا قیام اور ترقی کے عمل کو بحال کرنا ہے۔

بقیہ 5

حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو پیداواری شعبے میں ٹیکس نگرانی کے نظام پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں نظام مکمل طور پر نصب کیا جا چکا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ٹیکسٹائلز، پیکیجڈ پانی، پیکیجڈ جوس اور پیکیجڈ دودھ کے شعبے میں نگرانی کا نظام نصب کیا جا رہا ہے اور اس کے لئے آلات کی خریداری مکمل ہوچکی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سٹیل، پولٹری اور ٹائرز کے شعبے میں آلات کی خریداری 15 اکتوبر جبکہ جائے، گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور تیل وگھی کیلئے 30 اکتوبر تک خریداری مکمل کر لی جائے گی۔ اس طرح ان تمام پیداواری شعبوں میں نگرانی کے نظام کو رواں برس 31 دسمبر تک مکمل فعال کر دیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹیکسٹائل کے شعبے میں جہاں بہت سی صنعتوں نے نگرانی کے نظام کی تنصیب میں مزاحمت کا مظاہرہ کیا وہیں نشاط ملز، الکرم ٹیکسٹائل، الکرم کاٹن ملز، J.K سپننگ ملز، صورتی انٹر پرائز، انٹرلوپ لمیٹڈ، فیصل سپننگ ملز، ابراہیم فائبرز لمیٹڈ، سفائر ٹیکسٹائلز لمیٹڈ اور نشاط چونیاں نے حکومتی اقدامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے رضاکارانہ طور پر نگرانی کا نظام نصب کیا۔ وزیراعظم نے ان صنعتوں کے اس اقدام کی تعریف کی۔ وزیراعظم کو ٹیکس وصولی اور ٹیکس کی استعداد کے مابین فرق پر جائزہ رپورٹ بھی پیش کی گئی جس میں ملک کی ٹیکس استعداد کا تخمینہ پیش کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ تین سال میں حکومتی اقدامات کی بدولت 1.3 ٹریلین روپے کا اضافی ٹیکس اکٹھا کیا گیا جو کہ ٹیکس وصولی میں 40 فیصد اضافہ ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ یہ اضافی ٹیکس انفورسمنٹ اقدامات کی بدولت اکٹھا ہوا۔ وزیراعظم نے ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی شب وروز محنت کی بعد جامع رپورٹ پیش کرنے پر پذیرائی کی اور شیلڈز پیش کیں۔ وزیراعظم نے پیداواری سیکٹر کے تمام شعبوں میں سیلز ٹیکس کیلئے پیداوار کی نگرانی رواں برس کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت کی اور پیداواری شعبے کا تفصیلی جائزہ لے کر استعداد کا تخمینہ پیش کرنے والی ٹیم کی پذیرائی کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ فیس لیس نظام کے تحت کیمروں کی مدد سے پیداوار کی نگرانی موثر بنائی جارہی ہے، کیمروں پر مشتمل پیداوار کی خودکار نگرانی کا سسٹم نصب کرنے میں رکاوٹیں دور کی جائیں، صارف سے ٹیکس وصول کرکے اپنی جیب میں ڈالنے والے کاروبار کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پیداواری شعبے میں جو کاروبار رضاکارانہ طور پرنگرانی کا نظام نصب کررہے ہیں، ان کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ٹیکس کی مکمل استعداد کے حصول کیلئے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائیں گے۔ وزیراعظم نے سیمنٹ کے شعبے میں پیداوار کی نگرانی کے نظام کی آڈٹ رپورٹ کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پیداوار کی نگرانی کے نظام کی موثریت کو جانچنے کیلئے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی باقی شعبوں میں بھی اس کا آڈٹ کرے، ٹیکس کی مکمل استعداد کے مطابق ٹیکس کی وصولی عوام کی صحیح معنوں میں خدمت ہے، ٹیکس کی استعداد اور وصول کئے جانے والے ٹیکس کے درمیان فرق پر جامع رپورٹ تشکیل دینے والی ایف بی آر ٹرانسفارمیشن ٹیم کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، ٹیم نے شب وروز محنت کے بعد ملکی ٹیکس استعداد کا بہترین جائزہ پیش کیا۔

بقیہ 6

کے ساتھ دیرینہ دوستانہ تعلقات کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان قابل تجدید توانائی، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق اس موقع پر سپین کے شاہ فلپ ششم کے نام اپنے تہنیتی خط میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان سپین کے ساتھ باہمی خیرسگالی اور تعمیری روابط پر مبنی دیرینہ دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے میدان میں بڑھتے ہوئے تعلقات قابل تجدید توانائی، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے وسیع مواقع فراہم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ جامعات، محققین اور کاروباری اداروں کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے کی بھی بہت گنجائش موجود ہے۔ صدر مملکت نے سپین میں مقیم پاکستانی برادری کو دونوں ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سپین اقوام متحدہ سمیت دیگر کثیرالجہتی فورمز پر باہمی دلچسپی کے امور بالخصوص ماحولیاتی اقدامات، پائیدار ترقی اور عالمی امن کے فروغ کے لیے قریبی تعاون کر رہے ہیں۔ صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور سپین کے درمیان تعلقات دونوں ممالک کے عوام کے باہمی مفاد میں مزید مستحکم ہوں گے۔

بقیہ 7

ٹرانسپورٹ کا اہم ذریعہ بھی جانے والی بی آر ٹی سروس عارضی طور پر معطل کر دی گئی ہے، شہر کے حساس علاقوں بالخصوص ریڈ زون کو مکمل طور پر سیل کر کے مختلف شاہراہوں اور چوراہوں پر کنٹینرز رکھ دیئے گئے ہیں، اس کے علاوہ پشاور اور چترال سمیت چند دیگر اضلاع میں احتیاطی تدابیر کے طور پر اسکول، کالجز اور جامعات سمیت تمام تعلیمی ادارے بند رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ دوسری جانب امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے خیبر پختونخواہ کے متعدد اضلاع میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے، ضلعی انتظامیہ کے جاری کردہ احکامات سے معلوم ہوا ہے کہ شانگلہ، بونیر، ہنگو، چترال، اپر اور لوئر دیر میں سیاسی جلسوں، جلوسوں، عوامی اجتماعات اور نفرت انگیز تقاریر پر اگلے 30 روز کے لیے پابندی عائد کردی گئی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ اس دوران پانچ یا اس سے زائد افراد کے اجتماع پر بھی مکمل پابندی ہوگی اور اسلحے کی نمائش پرسخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کے اعلامیوں کے تحت احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف دفعہ 188 کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی، جب کہ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے سکیورٹی خدشات کے پیشِ نظر تعاون کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 8

ایسا مسئلہ ہے جس کا ہمیں آج سامنا ہے، پاکستان دہشتگردی کی جنگ میں 100 ارب ڈالر کا معاشی نقصان اٹھا چکا ہے، ہمیں انتہا پسندی کا بھی سامنا ہے۔ عطااللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے سب سے زیادہ قربانیاں دیں، پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑکر دنیا کو محفوظ بنایا، انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین سے ہماری مہمان نوازی اور محبت کی دنیا گواہ ہے، پاکستان نے 10 سال تک 40 لاکھ افغان مہاجرین کی میزبانی کی، افغان رجیم صرف ظلم و بربریت پر یقین رکھتی ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان خطے کے مفاد میں ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان مختلف بین الاقوامی اور سفارتی فورمز پر افغان حکومت سے مطالبہ کرتا رہا ہے کہ وہ اپنی سر زمین شدت پسندوں کو استعمال نہ کرنے دے۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ شدت پسند افغان سرزمین پر محفوظ ٹھکانوں میں مقیم ہیں اور وہاں مختلف نوعیت کی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ عطااللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں انتہا پسندی اور شدت پسندی کے خاتمے کا خواہاں ہے اور خطے میں امن واستحکام کے لیئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ 9

محتسب کا ادارہ شہریوں کی شکایات کے ازالے میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور سرکاری محکموں میں انتظامی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ انہوں نے نئے صوبائی محتسب پر زور دیا کہ وہ شہریوں کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے لیے ادارے کی کارکردگی کو مزید موثر بنائیں۔

بقیہ 10

بارود کے گوداموں، فوجی کیمپوں، مورچوں اور گاڑیوں کو نشانہ بنایا۔

بقیہ 11

عمل میں لائی جائے گی۔ جو بھی سکول سردیوں کی چھٹیوں کی فیس وصول کریں گے ان کی رجسٹریشن منسوخ کر کے انہیں سیل کر دیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے والدین کو ہدایت کی ہے کہ وہ چھٹیوں کی فیس وصولی سے متعلق اپنی شکایات فوری طور پر ڈپٹی کمشنر آفس یا محکمہ تعلیم کے متعلقہ حکام تک پہنچائیں تاکہ خلاف ورزی کرنے والے سکولوں کے خلاف بروقت کارروائی کی جاسکے۔

بقیہ 12

میں قائم ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کردیا۔ اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے معزز اراکین اسمبلی کو مرکز کے قیام کے مقاصد، فراہم کی جانے والی سہولیات اور خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی ہدایات پر عمل میں لایا گیا ہے، جس کا بنیادی مقصد معزز اراکین اسمبلی کو قانون سازی، پارلیمانی امور، تحقیق اور دیگر دفتری و انتظامی معاملات میں ایک ہی مقام پر مؤثر، معیاری اور بروقت معاونت فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدام اراکین اسمبلی کی پارلیمانی استعدادِ کار میں اضافے اور قانون سازی کے عمل کو مزید مؤثر، منظم اور نتیجہ خیز بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے اراکین اسمبلی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر میں اراکین کو قراردادوں، توجہ دلانوٹسز، تحریکاتِ التوا، تحریکات استحقاق، سوالات اور مسوداتِ قانون کی تیاری سمیت متعلقہ قواعد کے مطابق ان کی ترتیب میں معاونت فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ اسمبلی کے اجلاسوں کے شیڈول اور ایجنڈے کی بروقت فراہمی، پارلیمانی ریسرچ پیپرز کی تیاری اور مختلف پارلیمانی معاملات میں رہنمائی بھی مرکز کی خدمات میں شامل ہے۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کی فعالیت سے اراکین اسمبلی اور اسمبلی سیکرٹریٹ کے درمیان ادارہ جاتی رابطے کو مزید مضبوط بنانے، پارلیمانی معلومات تک بروقت رسائی یقینی بنانے اور ایوان کی کارروائیوں میں اراکین کی مؤثر شرکت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ اس مرکز کے ذریعے اراکین اسمبلی کو عوامی مسائل کی نشاندہی، ان کے حل کے لیے مؤثر قانون سازی اور اپنی پارلیمانی ذمہ داریوں کی بہتر ادائیگی میں سہولت حاصل ہوگی۔ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی خدمات کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ادارہ جاتی کارکردگی بہتر بنانے اور اراکین اسمبلی کو درکار معاونت ایک ہی مقام پر فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اہم اقدام ہے۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا کہ ممبرز فیسلیٹیشن سینٹر کا قیام اراکین اسمبلی کو مؤثر پارلیمانی معاونت فراہم کرنے، قانون سازی کے عمل کو مزید فعال بنانے اور عوامی نمائندوں کی استعدادِ کار میں اضافے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی امور کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور اراکین اسمبلی کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اداروں کی مؤثر کارکردگی کو مزید مستحکم بنایا جاسکے۔

بقیہ 13

ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ مجھے کہتے ہیں محمود خان نہیں ملنا چاہتا، میں ملنا چاہتا ہوں اور ہر جگہ مل لوں گا مگر وزیراعظم ہاؤس اور اسپیکر آفس میں نہیں ملوں گا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کو رونے کی بھی اجازت نہیں، یہ مینڈیٹ بھی چوری کرتے ہیں رونے بھی نہیں دیتے، ہم آئین کا رونا رو رہے تھے کہ انہوں نے صوبے میں گورنر راج و ایمرجنسی لگا دی، آئین توڑنے والوں پر آرٹیکل 6 لگتا ہے، موجودہ حکومت سب سے بڑی دہشتگرد ہے، جو پارٹیاں اس دہشتگردی کو سپورٹ کررہی ہیں وہ تاریخ کا حصہ بنیں گی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جن بنیادوں پر کے پی کے میں گورنر راج لگایا ہے اس سے زیادہ برے حالات بلوچستان میں ہیں، آدھا بلوچستان فورسز کے لئے نو گو ایریا بن چکا ہے، بلوچستان کا وزیراعلیٰ آپ کا لاڈلا ہے وہاں جو کچھ لوٹا جارہا ہے کوئی کارروائی نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج بہت بڑا حملہ ہے، ہم اپنی جماعتوں کو ہدایت کریں گے کہ کل سے پورے ملک میں اپنی حیثیت کے مطابق احتجاج کریں، ہر ضلع میں ہم پر امن احتجاج کریں گے، ہم اس نظام کے خلاف جدوجہد بھی جاری رکھیں گے اور مذاکرت بھی کریں گے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ جن جن اضلاع میں ایمرجنسی نہیں لگی وہاں بھرپور احتجاج کریں گے، چار کروڑ انسانوں کے حق رائے دہی کا مذاق اڑایا گیا ہے، یہ حکومت عمران خان کو یہاں سے بھگانا چاہتی ہے مگر وہ نہیں جاتا، پاکستان تب آگے بڑھے گا جب پارلیمنٹ مضبوط ہوگا۔۔۔۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر۔۔۔۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ 11 اکتوبر جمہوری تاریخ میں سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، وزیراعلیٰ کو حراست میں رکھا گیا، کے پی کی عوام ایمرجنسی اور گورنرراج کو مسترد کرتے ہیں، پی ٹی آئی کے نظریے کے حامی جیل میں ہیں، کل ہماری پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوگا جس میں اگلا لائحہ عمل طے کریں گے، غیر جمہوری اقدامات کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں گیارہ اکتوبر کے اقدامات کو واپس لیں، دہشت گردی کے خلاف عوام تقسیم نہ کریں، پاکستان کا مقدر جمہوریت ہے، وفاق تب مضبوط ہوگا جب صوبے مضبوط ہونگے، حکومت نے ہٹ دھرمی دکھائی، اچانک ہی حکومتی مشینری تبدیل کی گئی، حکومت کے ساتھ آخری وقت تک رابطے تھے۔۔۔ علامہ راجہ ناصر عباس۔۔۔ سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ہمارا سامنا فریب کاروں اور جھوٹوں سے ہے، متفقہ آئین کو متنازع بنایا جارہا ہے، سیاسی کارکنوں کو دہشت گردوں سے تشبیہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا آئین شکنوں سے واسطہ پڑ گیا ہے، آئیں مل کر صوبے کی عوام کے ساتھ مل دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہیں۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ بلوچستان میں حالات زیادہ خراب ہیں وہاں ایمرجنسی لگائیں، بات بہت آگے بڑھ چکی ہے اگر عوام نے ساتھ نہ دیا حالات اس سے بھی بدتر ہوں گے۔

بقیہ 14

زخمی کانسٹیبل خالد کی حالت تشویشناک ہے اور وہ آپریشن تھیٹر میں زیرِ علاج ہیں۔ پی آر او ٹو ڈی آئی جی کوئٹہ شہباز اقبال کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق واقعے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے فورا بعد پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ناکہ بندی کردی ہے اور فرار ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر تلاشی اور چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 15

خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 16

کہ آج اگر خیبر پختونخوا میں بدامنی اور ناگفتہ بہ حالات ہیں تو کیا وفاقی حکومت آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائے؟ انہوں نے کہا کہ جو حکومت یا سیاسی قوت دہشت گردی کے مقابلے میں اپنی ریاست کے ساتھ کھڑی نہیں ہوسکتی، تو یہ عمل ریاست کے لیے کسی طور ناقابلِ برداشت ہے۔ ایسے حالات میں ایمرجنسی نافذ ہوگی اور ریاست اپنا آئینی حق استعمال کرے گی۔ انہوں نے اپوزیشن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو احتجاج کا کامل حق حاصل ہے اور آپ ایوان میں احتجاج کریں، لیکن حالات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ وفاق نے خیبر پختونخوا میں حالات کی بہتری کی بہت کوشش کی لیکن کے پی حکومت اور ان کی قیادت کا رویہ بالکل ٹھیک نہیں تھا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ خیبر پختونخوا میں اس وقت 10 اضلاع نو گو ایریا بنے ہوئے ہیں جہاں ریاستی قلمرو کو چیلنج کیا جارہا ہے۔ سلیم کھوسہ نے واضح کیا کہ بلوچستان کی حکومت مضبوطی کے ساتھ ریاست اور وفاق کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے فیصلے کو ایک بہترین اور مثبت اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کے علاوہ وفاقی حکومت کے پاس حالات پر قابو پانے کے لیے اور کوئی چارہ کار باقی نہیں رہا تھا۔

بقیہ 17

ہیں۔ ترجمان پولیس کے مطابق ڈکیتی کے ایک مقدمے میں کارروائی کرتے ہوئے پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چھینا گیا مسروقہ موبائل فون بحال کرلیا ہے، جبکہ واردات میں ملوث دیگر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ دوسری کارروائی میں ایک مشتبہ شخص کو روک کر تلاشی لینے پر اس کے قبضے سے غیرقانونی 30 بور پسٹل معہ راؤنڈز برآمد کرکے اسے حراست میں لے لیا گیا۔ علاوہ ازیں ایک اور کارروائی کے دوران پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 550 گرام زہریلی منشیات (آئس) برآمد کی ہے۔ حب سٹی پولیس نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت مقدمات درج کر کے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

بقیہ 18

(اے آئی) سے بھی مدد حاصل کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق گوشواروں میں اثاثے چھپانے یا ریکارڈ میں ردوبدل کرنے پر سخت جرمانے عائد کئے جاسکتے ہیں، تنخواہ دار طبقے کی جانب سے انکم ٹیکس گوشوارہ غلط پر کرنے پر تنخواہ کے 75 فیصد تک جرمانہ عائد ہونے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ ذرائع ایف بی آر کا کہنا ہے کہ جرمانہ مقررہ وقت پر جمع نہ کرانے کی صورت میں یومیہ ایک ہزار روپے اضافی جرمانہ بھی عائد ہو سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلطیوں کی تصحیح کیلئے 15 اکتوبر سے پہلے درستگی کرانے کی گنجائش موجود ہے، ٹیکس فائلرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے گوشواروں میں درج معلومات، آمدن اور اثاثوں کی تفصیلات کا جائزہ لے کر کسی بھی غلطی کی بروقت تصحیح یقینی بنائیں۔

بقیہ 19

جانب گامزن ہے اور زرعی شعبہ بھی بہتر کارکردگی دکھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان 10 ارب ڈالر کے ایکسچینج اسٹیبلائزیشن فنڈ سے متعلق بات چیت جاری ہے، اگر یہ سہولت حاصل ہو جاتی ہے تو پاکستان کے لئے بڑی مدد ثابت ہوگی، تاہم اس کے حصول میں کامیابی نہ ملنے کی صورت میں بھی عالمی مالیاتی منڈیوں تک رسائی متاثر نہیں ہوگی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) ے ساتھ معاہدے کے بعد پاکستان کو ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی مالی معاونت ملنے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے بتایا کہ پاکستان نے ایندھن کی مناسب مقدار حاصل کر لی ہے اور ملک کو ایندھن کی قلت سے کامیابی کے ساتھ بچایا گیا ہے، حکومت مہنگائی پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات کا جائزہ لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تقریبا ایک درجن سرکاری ادارے نجکاری کے مختلف مراحل میں ہیں، جبکہ رواں مالی سال 5 سے 6 اداروں کی نجکاری سے ایک ارب ڈالر سے زائد حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور ہوائی اڈوں کے انتظامی امور نجی شعبے کے حوالے کرنے کے لیے بھی کام جاری ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ ملکی ترقی میں نجی شعبہ مرکزی کردار ادا کرے، جس کے لیے نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے پر توجہ دی جارہی ہے۔

بقیہ 20

فروغ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ سیاسی اختلافات کو جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے برداشت کیا اور ملک میں آئین و قانون کی بالادستی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے، اس لیے جماعت کے خلاف منفی پروپیگنڈے سے اس کی عوامی مقبولیت اور اصولی مقف کو متاثر نہیں کیا جاسکتا۔ اس موقع پر جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان میں ترقی، خوشحالی، امن اور عوامی خدمت کی علامت ہے، لیکن بدقسمتی سے جماعت کو سیاسی طور پر دیوار سے لگانے اور اس کے جمہوری کردار کو محدود کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام ایک منظم، نظریاتی اور عوامی جماعت ہے جس کی جڑیں عوام میں مضبوط ہیں، اسے دبا، منفی مہمات یا سیاسی رکاوٹوں کے ذریعے اپنے اصولی مقف سے پیچھے نہیں ہٹایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل، بے روزگاری، پسماندگی، امن و امان کی خراب صورت حال اور بنیادی سہولیات کی کمی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے، اور جمعیت علما اسلام ان مسائل کے حل کے لیے اپنا سیاسی و جمہوری کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت کی قیادت اور کارکن تمام تر مشکلات کے باوجود باہمی اتحاد، نظم و ضبط اور سیاسی استقامت کے ساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور بلوچستان کے عوام کے حقوق، صوبے کی ترقی اور حقیقی جمہوری استحکام کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔

بقیہ 21

نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی خیبر پختونخوا میں حکومت کو ختم کرنا ملک دشمنی کے سوا کچھ نہیں ہے فارم 47 کے چپڑاسیوں کی خوشی جلد غم میں بدل جائے گی روڈوں پر ڈھول بجانا قابل گرفت اقدام ہے پنجاب نے مشرقی پاکستان بھی تھوڑا اور اب پشتونخواہ اور بلوچستان کو علیحدہ کرنے کی تیاری کی جارہی ہے بیان میں کوئٹہ کا ایک چور ٹریکٹر ڈرائیور ایک کسی کا چپڑاسی روڈوں پر مٹھائیاں تقسیم کرنا اور خوشی کا اظہار کرنا باعث شرم ہے وہ پہلے اپنی ناپاک حیثیت ہمیں بتائیں کہ وہ کس طرح سے آئے ہیں ان کو کوئٹہ کے لوگوں نے فیس بک پرا چھے جملوں سے نوا جزہ ہے جو کہ اس کے حقدار تھے تحریک انصاف پاکستان کی سلیت یکجہتی پر یقین رکھتی ہے ہمارا لیڈر عمران خان ہے ہم سب کو عوامی عدالت میں سزا دس گے۔

بقیہ 22

اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں پائلٹس کی شہادت ایک عظیم قومی نقصان ہے، اور دکھ کی اس مشکل گھڑی میں وہ سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 23

ازالہ ہو سکے۔ فیض آباد فیڈر سے منسلک تحصیل تمبو اور تحصیل خان کوٹ کے مختلف دیہات میں گزشتہ 4 روز سے بجلی کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہے، جس کے باعث علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں گوٹھ میر شاہنواز عمرانی، گوٹھ میر کرم خان عمرانی، گوٹھ محمد اسماعیل عمرانی اور بجا بند کے ملحقہ دیہات شامل ہیں۔ طویل اور مسلسل بجلی کی بندش کی وجہ سے شدید گرمی کے موسم میں پینے کے پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہوچکی ہے اور روزمرہ کے معمولات زندگی سخت متاثر ہیں۔ علاقے کے غیور عوام نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد اور کیسکو (QESCO) کے اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فیض آباد فیڈر پر بجلی کی اس غیر معقول بندش کا فوری نوٹس لیا جائے اور تکنیکی خرابی کو دور کر کے بجلی کی بحالی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش شدید مشکلات و پریشانی کا ازالہ ہو سکے۔

بقیہ 24

صورتحال کے بارے میں بریفنگ لی انہوں نے اس موقع پر کہا کہ بجلی کی ترسیل کے نظام کو بہتر بنانے، گرڈ اسٹیشنوں کی کارکردگی میں اضافہ کرنے اور صارفین کو بجلی کی فراہمی کے نظام کو مزید مستحکم بنانے کے لیے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران اور تکنیکی عملے پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض ذمہ داری، محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ انجام دیں، کام کے معیار کو یقینی بنائیں اور تکنیکی امور کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔

بقیہ 26

والے تمام تر نقصانات کا شفاف اور جامع تخمینہ لگایا جائے۔ مالی امداد و ازالہ: تباہ شدہ فصلوں اور سولر پینلز کے نقصان کو مدنظر رکھتے ہوئے غریب کاشتکاروں اور زمینداروں کے لیے فوری طور پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے اور ان کے نقصانات کا مکمل ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی آفت کی اس مشکل گھڑی میں حکومت کو آگے بڑھ کر اپنے غریب اور بے بس زمینداروں کا ہاتھ تھامنا ہو گا تاکہ وہ اس معاشی تباہی سے نکل سکیں۔

بقیہ 27

کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق دونوں فریقوں کا پاکستان اور برازیل کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار، عسکری تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل کا برازیل کے ساتھ دفاعی تعلقات مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا، معزز مہمان نے پاک افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق معزز مہمان کا علاقائی امن واستحکام کیلئے پاکستان کی مسلح افواج کی خدمات کا اعتراف کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورہ پاکستان اور برازیل کے درمیان دفاعی تعاون کو وسعت دینے اور دوطرفہ عسکری تعلقات مزید مضبوط بنانے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔

بقیہ 28

ایمانداری سے سرانجام دیں اس سلسلے میں لاپرائی غفلت کسی صورت برداشت نہیں کروں گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز ٹیچنگ ہسپتال سبی کا دورہ کرتے ہوئے ڈاکٹرز پیرامیڈیکل اسٹاف سے گفتگو کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال سبی کے ایم ایس ودیگر ڈاکٹرز نے کمشنر کی آمد پر ان کا استقبال کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ پی ایس زیشان طاہر بھی تھے ایم ایس ڈاکٹر جہانزیب گشکوری نے ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہسپتال سبی میں آنے والے مریضوں کو سہولیات کی فراہمی ڈاکٹرز و ہسپتال کو درپیش مسائل سے آگہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ آنے والے مریضوں کو پوری توجہ کے ساتھ مرد وخواتین ڈاکٹرز چیک آپ معائنہ کرتے ہوئے ان کی بیماری کے خاتمہ میں مددگار ثابت ہوتے ہیں جن مریضوں کو آپریشن کی اشد ضرورت ہوتی ہے ان کا مایاناز خواتین مرد سرجن توجہ کے ساتھ کرتے ہیں ڈاکٹرز کی موجودگی سے او پی ڈیز میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے ہسپتال میں ادویات کی فراہمی 24 فراہی ممکن بنا کر ایک چھت کے نیچے تمام سہولیات فراہم کرتے ہیں دن رات عوام کی خدمت کرتا نظر آتا ہے صفائی کے نظام کو بھی بہتر بنایا گیا ہے سانپ کتے کے کاٹنے کی ویکسین خون ملریا کے چیک آپ کے علاوہ تھسمیا کے مریضوں کو خون کی دستیاب بھی یقینی بنائی گئیں ہے بعدازاں کمشنر سبی ڈویژن عرفان احمد خان نے ہسپتال میں مختلف وارڈز ڈاکٹرز سے ملاقاتیں مریضوں کی عیادت بھی کی۔

بقیہ 29

مسرت ہلالی اور جسٹس شاہد بلال حسن پر مشتمل سپریم کورٹ کے تین رکنی بینچ نے 9 جون 2026 کو سنیارٹی سے متعلق نظرثانی درخواستوں پر فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے تفصیلی تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ سندھ پولیس کے سب انسپکٹرز کی 2015 کی سنیارٹی لسٹ میں 2020 کے دوران تبدیلی کرتے وقت متاثرہ افسران کو سماعت کا موقع نہیں دیا گیا جو اصولِ سماعت، قانونی طریقہ کار اور آئین کے آرٹیکل 10اے میں دیے گئے منصفانہ ٹرائل اور قانونی عمل کے تقاضوں کے منافی ہے۔

بقیہ 30

نواز شریف اور آصف علی زرداری پر عائد ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ محمد حنیف بختیارزئی بلوچ کا کہنا تھا کہ جمہوریت کا تقاضا ہے کہ عوامی مینڈیٹ، آئینی بالادستی اور جمہوری اداروں کا احترام کیا جائے۔ سیاسی مسائل کا حل باہمی مشاورت، مذاکرات اور آئینی طریقہ کار کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے، تاکہ ملک میں جمہوری نظام مستحکم ہو اور عوام کا سیاسی عمل پر اعتماد برقرار رہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ جمہوری اصولوں اور اپنے وعدوں کی پاسداری کریں۔ میثاقِ جمہوریت کا بنیادی مقصد جمہوری نظام کو مضبوط بنانا اور سیاسی اختلافات کو آئینی حدود میں رہتے ہوئے حل کرنا تھا۔ ان اصولوں سے انحراف سیاسی عدم اعتماد میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ محمد حنیف بختیارزئی بلوچ نے زور دیا کہ ملک میں جمہوری روایات کے فروغ، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، جبکہ تمام سیاسی قوتیں محاذ آرائی کے بجائے مذاکرات اور مفاہمت کو ترجیح دیں۔ انہوں نے کہا کہ اج مٹھائیاں کھانے اور تقسیم کرنے والے گل کو خون کے انسو روہیں گے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے ماضی سے ہرگز سبق حاصل نہیں کی جس کے خطرناک نتائج نکلیں گے۔

بقیہ 31

ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت، امن اور بین الاقوامی اصولوں کے منافی ہے۔ سعودی عرب پر حملہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے لمحۂ فکریہ ہے، مسلم ممالک کو ایسے حالات میں سنجیدگی، تدبر اور باہمی اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ خطے میں کشیدگی اور مسلم ممالک کو جنگ کی طرف دھکیلنے کے خدشات کا سنجیدگی سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ امتِ مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ باہمی اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ حکمتِ عملی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام دکھ کی اس گھڑی میں سعودی عرب کے عوام اور متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ ہم متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کی مغفرت فرمائے، لواحقین کو صبرِ جمیل عطا کرے اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن وسلامتی قائم فرمائے۔ آمین

بقیہ 32

مہارتوں سے آراستہ کرنے، مصنوعی ذہانت (اے آئی)، سائبر سیکورٹی اور صحت کے شعبوں میں تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مائننگ کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، معدنی وسائل کی موثر منصوبہ بندی اور اس شعبے میں ترقی کے امکانات کو بروئے کار لانے کی اہمیت بھی زیر بحث آئی۔ ملاقات میں اس امر کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ معدنی شعبے کی ترقی کیلئے باہمی روابط اور تعاون کو فروغ دیا جائے، تاکہ بلوچستان کے قدرتی وسائل سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا کہ بلوچستان قدرتی معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں معدنی شعبے کی ترقی صوبائی معیشت کے استحکام، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور معاشی سرگرمیوں میں اضافے کیلئے اہم کردار ادا کرسکتی ہے، بلوچستان میں مائننگ کا شعبہ صوبے کی معاشی ترقی کیلئے خصوصی اہمیت رکھتا ہے، معدنی وسائل کی بہتر منصوبہ بندی، جدید طریقہ ہائے کار کے فروغ اور متعلقہ شعبوں کے درمیان تعاون کو وسعت دیکر اس شعبے کی استعداد سے زیادہ موثر انداز میں استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ سیکرٹری محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ بلوچستان سیدال خان لونی جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کو اپنے والد محترم عبدالعزیز خان لونی کی (برٹش بلوچستان) کے نام سے مشہور کتاب پیش کی اور بعدازاں جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے۔

بقیہ 33

رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق وزیراعلی سہیل آفریدی، اسپیکر کیپی اسمبلی بابر سلیم سواتی، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنیدا کبر اور دیگر بھی حراست میں ہیں۔

بقیہ 34

بارے میں فی الحال کوئی تفصیل سامنے نہیں آئی۔ آبنائے ہرمز عالمی تیل کی ترسیل کے لیے ایک اہم بحری گزرگاہ ہے، اس لیے اسے دوبارہ کھولنے سے متعلق کسی بھی پیش رفت پر عالمی توانائی کی منڈیوں اور خطے کی صورت حال پراثر پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 35

ہے۔ عارف علوی نے ملک میں سیاسی کارکنوں اور منتخب نمائندوں کے ساتھ مبینہ ناروا سلوک پر بھی تنقید کی اور کہا کہ منتخب پی ٹی آئی نمائندوں کو اغوا اور تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے جبکہ قانون کی حکمرانی کمزور پڑ رہی ہے۔ انھوں نے بلوچستان اور کشمیر کے حالات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پرامن احتجاج کو طاقت کے ذریعے دبانے کی پالیسی اب خیبر پختونخوا تک پھیلائی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اور اس کے حامی پرامن سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ سابق صدر نے کہا کہ عمران خان تشدد کے خلاف ہیں اور ان کی جماعت ہر صورت آئینی اور پرامن راستہ اختیار کرے گی۔ انھوں نے حکومت کے اقدامات پر کڑی تنقید کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عمران خان اوران کے حامی سیاسی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 36

نجات کی مناسبت سے اپنی شرکت کے ذریعے باہمی ہم آہنگی اور اجتماعی یکجہتی کا پیغام دیا۔ کار ریلی میں عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی شرکت نے اس سرگرمی کو نمایاں بنایا۔ ریلی کا مقصد یوم نجات کے حوالے سے آگاہی اجاگر کرنا اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ سے متعلق اپنے مؤقف کا اظہار کرنا تھا۔

بقیہ 37

جس کے بعد ایوان میں شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔

بقیہ 38

اکبر کو حراست میں لیے جانے کا دعوی کیا گیا تھا۔ پیر کی صبح پولیس نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلی سہیل آفریدی پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پی ٹی آئی کے 8 اہم رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔ سینئر پولیس افسر کے مطابق وزیر اعلی سہیل آفریدی، اسپیکر بابر سلیم سواتی اور صوبائی صدر پی ٹی آئی جنید اکبر پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔

بقیہ 39

لیے تمام تاجروں کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تاجروں کو درپیش مسائل کے حل اور ان کے جائز حقوق کے حصول کے لیے مشترکہ جدوجہد ناگزیر ہے۔ مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان تاجروں کو متحد کرنے اور ان کے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ وفد نے امید ظاہر کی کہ قاسم رضا اور ان کے دوستوں واحباب کی تنظیم میں شمولیت سے تاجر برادری کے اتحاد کو مزید تقویت ملے گی اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے جاری کوششوں کو مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 40

بحق اور 19 زخمی ہو گئے۔ انہوں نے بتایا کہ زخمیوں کو پہلے سول ہسپتال مچھ منتقل کیا گیا جہاں سے بعد ازاں انہیں کوئٹہ بھیجا گیا، جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ مچھ کے مقامی شہریوں کے مطابق شدید زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنے کی ضرورت پیش آئی تاہم ہسپتال میں صرف ایک سرکاری ایمبولینس دستیاب تھی جبکہ دو دیگر سرکاری ایمبولینسیں غیر فعال تھیں، ایمبولینسوں کی عدم دستیابی کے باعث مقامی لوگوں نے چندہ جمع کیا اور زخمیوں کو نجی گاڑیوں کے ذریعے کوئٹہ منتقل کیا۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو میں ایک شخص کو جھولی پھیلائے چندہ مانگتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، اس واقعے کے بعد سوشل میڈیا صارفین دور دراز علاقوں کے ہسپتالوں میں ایمبولینس سروس اور طبی سہولیات کی عدم دستیابی پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ دوسرا حادثہ اسی شاہراہ پر مچھ سے تقریبا 50 سے 60 کلومیٹر دور ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں دربی کے قریب پیش آیا۔ ایس ایچ او ڈھاڈر ارشاد علی کے مطابق کوئٹہ سے سبی جانے والی ایک آلٹو مہران کار اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں کار میں سوار تین خواتین سمیت چار افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔ انہوں نے بتایا کہ مرنے والوں میں میاں بیوی اوران کے بچے شامل ہیں۔ زخمی اور لاشوں کو سول ہسپتال ڈھاڈر منتقل کیا گیا۔

بقیہ 41

کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار اور محاذ آرائی کی سیاست کو مسترد کر دیا ہے، صوبے میں امن وامان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے اور عوام کی ترقی و خوشحالی کے لیے ہر ممکن تعاون اور موثر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 42

ئی۔ اقرار الحسن کے اہلخانہ کا کہنا ہے کہ انہیں یہ معلوم نہیں کہ اقرار الحسن کو کس وجہ سے حراست میں لیا گیا ہے۔ ان کے مطابق اس سلسلے میں این سی سی آئی اے کے تھانے سے بھی رابطہ کیا گیا لیکن وہاں سے بھی کوئی معلومات نہیں مل سکیں۔ اقرار الحسن کی موجودہ جگہ اور انہیں حراست میں لیے جانے کی وجوہات تاحال واضح نہیں ہوسکیں۔ دوسری جانب این سی سی آئی اے نے تاحال اقرار الحسن کی گرفتاری کی تصدیق نہیں کی۔ دارے کے حکام بھی اس معاملے پر مقف دینے سے گریزاں ہیں۔ اقرار الحسن کی اہلیہ فرح اقرار نے واقعے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ وہ رات کو سو رہے تھے کہ باہر سے زور زور سے آوازیں آنا شروع ہوگئیں کہ اقرار کو باہر نکالو ورنہ ہم سب توڑ دیں گے، وہ اوپر پھلانگتے ہوئے آئے اور مجھے دھکے دیے، 2 لوگوں نے اقرار کو پکڑا، انہوں نے موبائل فون اور لیپ ٹاپ بھی اٹھا لئے اور جاتے ہوئے سی سی ٹی وی کیمرے بھی لے گئے، ویڈیو بنانے پر مجھ سے بھی فون چھین لئے۔ اقرار الحسن کی مبینہ گمشدگی کے بعد ان کی اہلیہ اور دیگر اہل خانہ کی ویڈیو بھی سامنے آئی ہے، جن میں انہیں ایک دوسرے کو تسلی دیتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔

بقیہ 43

انہیں سرکاری اداروں تک بہتر رسائی فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کو درپیش مسائل کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی فرائض منصبی احسن انداز میں ادا کرتے ہوئے شکایات کے حل کو یقینی بنائیں کمشنر قادر بخش پرکانی نے خضدار شہر کی بڑھتی ہوئی آبادی کے تناظر میں وومن پولیس تھانے کے قیام کو بھی وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کو درپیش قانونی مسائل اور شکایات کے حل کے لیے ایک علیحدہ وومن پولیس تھانے کا قیام ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جلد اقدامات مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا ڈویژنل سطح پر کمپلین وومن سینٹر کے قیام سے خواتین کو اپنے مسائل متعلقہ حکام تک پہنچانے کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم میسر آنے کی توقع ہے، جبکہ وومن پولیس تھانے کا قیام خواتین کے لیے شکایات کے اندراج اور قانونی معاونت کے حصول میں آسانی پیدا کرنے کی جانب اہم قدم ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 44

حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا میں بدامنی کا سلسلہ افغان انقلاب کے دور سے شروع ہوا تھا اور اس وقت صف بندی ہمارے اپنے نام نہاد "طرم خانوں " نے کی تھی جس کا خمیازہ قوم آج تک بھگت رہی ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج خیبر پختونخوا کو اپنی فیڈریشن سے دور کیا جارہا ہے اور انہیں شدید خدشہ ہے کہ یہ سلسلہ صرف کے پی کے تک محدود نہیں رہے گا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کے پاس ایسی اطلاعات تھیں کہ ایمرجنسی پہلے بلوچستان میں لگنے والی تھی، اور اب خدشہ ظاہر ہوتا ہے کہ پورے ملک میں بھی ایمرجنسی نافذ کی جاسکتی ہے کیونکہ بدقسمتی سے عوام سے ان کے حقیقی اختیارات چھین لیے گئے ہیں۔

بقیہ 45

فیصلہ تھا اور نہ ہی کوئی آسان عمل، بلکہ یہ زمینی حقائق کے پیش نظر ایک ناگزیر اور مشکل آئینی قدم تھا۔ انہوں نے زور دیا کہ جب باہمی تعاون کے تمام راستے ختم ہو جائیں تو آئین اور ملکی سلامتی ہی اولین ترجیح ہوتے ہیں۔ انہوں نے وطنِ عزیز کے تحفظ اور دائمی امن و استحکام کے لیے دعا کی۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے پیر کے روز اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کی مکمل حمایت کرے گی اور صوبے کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔ گورنر ہاؤس پشاور ترجمان کے مطابق وہ یہاں گورنر ہاس میں منعقدہ صوبائی ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس کی صدارت انہوں نے خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کے ہمراہ مشترکہ طور پر کی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی حکومت صوبے میں دہشت گردی کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے اور امن وامان برقرار رکھنے کے لیے خیبر پختونخوا پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی استعداد کار بڑھانے کی خاطر ہر ممکن تعاون کرے گی، جس میں ضروری وسائل اور سازوسامان کی فراہمی بھی شامل ہے۔ انہوں نے مادرِ وطن کے تحفظ کے لیے اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران عظیم قربانیاں دینے پر خیبر پختونخوا پولیس کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اس فورس نے سنگین سیکیورٹی چیلنجز کے باوجود مثالی جرات اور عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ سید محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کا حصول اس وقت زیادہ مؤثر طریقے سے ممکن ہے جب صوبائی حکومت ٹھوس، مربوط اور مسلسل کوششوں کے ذریعے اس لعنت کا مقابلہ کرنے میں قیادت کرے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ گزشتہ حکومت کی دہشت گردی کے خلاف کمزور اور غیر مؤثر حکمت عملی کے باعث گزشتہ ڈھائی سالوں کے دوران خیبر پختونخوا میں سکیورٹی کی صورتحال خراب ہوئی ہے؛ انہوں نے زور دیا کہ امن وامان برقرار رکھنے سے متعلق آئینی ذمہ داریوں اور فرائض کو مؤثر طریقے سے پورا کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی اور خیبر پختونخوا حکومتیں اب دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک ہی صفحے پر ہیں اور صوبے میں دیرپا امن کی بحالی کے لیے مل کر کام کریں گی۔ انہوں نے مشاورتی کونسل کے ارکان سمیت تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ مشکل حالات میں ثابت قدم رہیں اور جرات کا مظاہرہ کریں، اور کہا کہ "ہم درست راستے پر گامزن ہیں اور کامیاب ہوں گے۔ سید محسن نقوی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے امن کے لیے اپنے عزم کا مظاہرہ کیا ہے اور آئین کے تحت گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبے کے کسی بھی حصے سے کوئی ناخوشگوار واقعہ رپورٹ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام امن، استحکام اور ترقی کے خواہاں ہیں اور انہیں لانگ مارچ اور احتجاج کی سیاست میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس) سخت ترین رویہ (اپنایا جائے گا اور خیبر پختونخوا کے عوام جلد ہی اس لعنت کے خلاف واضح اور نمایاں اقدامات دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں پوری قوت کے ساتھ دہشت گردی کے خاتمے کے عزم پر متحد ہیں اور اس لعنت کو جلد از جلد ختم کرنے کے لیے مربوط اقدامات کریں گی۔ گورنر نے کہا کہ خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالا مال ہے اوران کا موثر اور شفاف استعمال روزگار کے مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور صوبے میں اقتصادی ترقی کو تیز کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ خیبر پختونخوا پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی صلاحیتوں کو بڑھایا جائے گا اور انہیں سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے جدید ہتھیار، آلات اور دیگر ضروری وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ اجلاس میں کور کمانڈر پشاور، چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا فخر عالم عرفان، انسپکٹر جنرل آف پولیس ذوالفقار حمید، مشاورتی کونسلوں کے اراکین اور اعلی سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 46

ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ مجھے کہتے ہیں محمود خان نہیں ملنا چاہتا، میں ملنا چاہتا ہوں اور ہر جگہ مل لوں گا مگر وزیراعظم ہاؤس اور اسپیکر آفس میں نہیں ملوں گا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کو رونے کی بھی اجازت نہیں، یہ مینڈیٹ بھی چوری کرتے ہیں رونے بھی نہیں دیتے، ہم آئین کا رونا رو رہے تھے کہ انہوں نے صوبے میں گورنر راج و ایمرجنسی لگا دی، آئین توڑنے والوں پر آرٹیکل 6 لگتا ہے، موجودہ حکومت سب سے بڑی دہشتگرد ہے، جو پارٹیاں اس دہشتگردی کو سپورٹ کررہی ہیں وہ تاریخ کا حصہ بنیں گی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ جن بنیادوں پر کے پی کے میں گورنر راج لگایا ہے اس سے زیادہ برے حالات بلوچستان میں ہیں، آدھا بلوچستان فورسز کے لئے نو گو ایریا بن چکا ہے، بلوچستان کا وزیراعلیٰ آپ کا لاڈلا ہے وہاں جو کچھ لوٹا جارہا ہے کوئی کارروائی نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج بہت بڑا حملہ ہے، ہم اپنی جماعتوں کو ہدایت کریں گے کہ کل سے پورے ملک میں اپنی حیثیت کے مطابق احتجاج کریں، ہر ضلع میں ہم پر امن احتجاج کریں گے، ہم اس نظام کے خلاف جدوجہد بھی جاری رکھیں گے اور مذاکرت بھی کریں گے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ جن جن اضلاع میں ایمرجنسی نہیں لگی وہاں بھرپور احتجاج کریں گے، چار کروڑ انسانوں کے حق رائے دہی کا مذاق اڑایا گیا ہے، یہ حکومت عمران خان کو یہاں سے بھگانا چاہتی ہے مگر وہ نہیں جاتا، پاکستان تب آگے بڑھے گا جب پارلیمنٹ مضبوط ہوگا۔۔۔۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر۔۔۔۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ 11 اکتوبر جمہوری تاریخ میں سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، وزیراعلیٰ کو حراست میں رکھا گیا، کے پی کی عوام ایمرجنسی اور گورنرراج کو مسترد کرتے ہیں، پی ٹی آئی کے نظریے کے حامی جیل میں ہیں، کل ہماری پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوگا جس میں اگلا لائحہ عمل طے کریں گے، غیر جمہوری اقدامات کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مطالبہ کرتے ہیں گیارہ اکتوبر کے اقدامات کو واپس لیں، دہشت گردی کے خلاف عوام تقسیم نہ کریں، پاکستان کا مقدر جمہوریت ہے، وفاق تب مضبوط ہوگا جب صوبے مضبوط ہونگے، حکومت نے ہٹ دھرمی دکھائی، اچانک ہی حکومتی مشینری تبدیل کی گئی، حکومت کے ساتھ آخری وقت تک رابطے تھے۔۔۔ علامہ راجہ ناصر عباس۔۔۔ سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ہمارا سامنا فریب کاروں اور جھوٹوں سے ہے، متفقہ آئین کو متنازع بنایا جارہا ہے، سیاسی کارکنوں کو دہشت گردوں سے تشبیہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا آئین شکنوں سے واسطہ پڑ گیا ہے، آئیں مل کر صوبے کی عوام کے ساتھ مل دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہیں۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ بلوچستان میں حالات زیادہ خراب ہیں وہاں ایمرجنسی لگائیں، بات بہت آگے بڑھ چکی ہے اگر عوام نے ساتھ نہ دیا حالات اس سے بھی بدتر ہوں گے۔

بقیہ 47

پناہی میں ملوث ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں خیبر پختونخوا کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا خطے اور دنیا کیلئے سب سے بڑا چیلنج دہشت گردی ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیوں کی داستان رقم کی ہے، پاکستان نے ہمت، بہادری اور مضبوطی سے دہشت گردی کا سامنا کیا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی معیشت کو شدید نقصان کا سامنا کرنا پڑا، دنیا کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری قربانیوں کا اعتراف کرنا ہوگا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں دہشت گردی کے خاتمے کو اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ پاکستان نے سانحہ جعفر ایکسپریس، بلوچستان میں مزدوروں کے اغوا اور شہادتوں جیسے واقعات کا سامنا کیا۔

فیلڈ مارشل سے برازیلی فوجی وفد کی ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

علاقائی سلامتی کی صورتحال اور دفاع وسلامتی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال

جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے این این) برازیل کے اعلیٰ سطح کے وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق وفد کی قیادت برازیل کی مسلح افواج کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے سربراہ ایڈمرل رینا ٹو روڈ ریگز ڈی اگویار فریرے نے کی، وفد کی آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال اور دفاع وسلامتی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی و گورنر راج کا نفاذ قابلِ مذمت ہے، مفتی وزیر

حکومت کے خاتمے اور گورنر راج کا نفاذ جمہوریت کا جنازہ نکالنے کے مترادف ہے

کوئٹہ (اے این این) تحریک لبیک پاکستان کے مرکزی رکن و امیر بلوچستان مفتی وزیر احمد رضوی صاحب نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور خیبر پختونخوا کے حالیہ پیش رفت پر اپنے ایک اہم بیان میں شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے صوبے میں ہونے والی حالیہ تبدیلیوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ 11 اکتوبر 2026 کو خیبر پختونخوا کی اکثریت سے منتخب ہونے والی حکومت کو ختم کرکے جمہوریت کا جنازہ نکال دیا گیا ہے۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ عوامی منشا پر شب خون مارنے کے مترادف ہے۔ مفتی وزیر احمد رضوی نے تاریخی ناانصافیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے مزید کہا: "خیبر پختونخوا کے ساڑھے چار کروڑ عوام اور ان کے ووٹ کے ساتھ ایک بار پھر تاریخی دھوکہ کیا گیا ہے۔ عوام کے منتخب نمائندوں کی آئینی مدت کو زبردستی ختم کرنا جمہوری قدروں کی کھلی تذلیل ہے۔" انہوں نے زور دے کر کہا کہ تحریک لبیک پاکستان ہر قسم کے آئینی و جمہوری استحصال کی شدید مذمت کرتی ہے اور عوام کے بنیادی اور سیاسی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

سنیارٹی تبدیل کرنے سے پہلے متاثرہ ملازمین کو سننے کا موقع دینا لازم ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ کسی سرکاری ملازم کی سنیارٹی میں تبدیلی سے پہلے اسے موقف پیش کرنے کا منصفانہ موقع دینا ضروری ہے خواہ پہلے مقرر کی گئی سنیارٹی متعلقہ سروس قواعد کے خلاف ہی کیوں نہ ہو، عدالت نے سندھ پولیس کے سب انسپکٹرز کی سنیارٹی بغیر سماعت تبدیل کرنے سے متعلق سابقہ حکم واپس لیتے ہوئے محکمے کو متاثرہ افسران کا مؤقف سن کر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کی ہدایت کی۔ جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

لاپرواہی غفلت کسی صورت برداشت نہیں کروں گا' کمشنر سبی ڈویژن

وسائل میں رہ کر ہسپتال میں درپیش مسئلہ مسائل کو ازالہ یقینی بنائیں گے، عرفان خلجی

سبی (اے این این) کمشنر سبی ڈویژن عرفان احمد خان نے کہا ہے کہ ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف بیمار انسانیت کی خدمت کو اپنا مقصد بنا کر ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو دستیاب وسائل میں کر ان کی خدمت کو اپنا شعور بنائیں ٹیچنگ ہسپتال سبی عوام کو صحت کی تمام سہولیات کی فراہمی میں فراہم کرکے محکمہ صحت کا مورال بھی بلند رکھیں وسائل میں رہ کر ہسپتال میں درپیش مسئلہ مسائل کو ازالہ یقینی بنائیں گے ڈاکٹرز پیرا میڈیکل اسٹاف اپنی خدمت

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

کے پی کے میں گورنر راج اور ایمرجنسی سے جمہوری اقدار کو شدید نقصان پہنچے گا، محمد حنیف بلوچ

پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے میثاق جمہوریت کی روح کو نظرانداز کیا، حکمرانوں نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا

اوستہ محمد (یو این اے) معروف قبائلی شخصیت، قوم پرست رہنما اور اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے جمہوری اقدار کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) نے میثاق جمہوریت کی روح کو نظرانداز کیا ہے، جس کی ذمہ داری میاں محمد

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

سہیل آفریدی سمیت پی ٹی آئی کے 8 اہم رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں، پولیس

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا پولیس کا کہنا ہے کہ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کے 8 اہم رہنما پولیس کی حفاظتی تحویل میں ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، اسپیکر کپی اسمبلی بابر سلیم سواتی، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر اور دیگر بھی حراست میں ہیں۔ خیبر پختونخوا پولیس کا کہنا ہے کہ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کے 8 اہم

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیکرٹری مائنز بلوچستان سیدال لونی کی جاپانی قونصل جنرل سے ملاقات

معدنی شعبے کی ترقی صوبائی معیشت کو مضبوط اور روزگار کے مواقع پیدا کرسکتی ہے: سید ندیم عالم شاہ

کوئٹہ (اے این این) محکمہ مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ، بلوچستان کے سیکرٹری سیدال خان لونی نے جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے ملاقات کی۔ جاپان قونصلیٹ کوئٹہ میں ہونے والی ملاقات میں بلوچستان کے معدنی وسائل کی اہمیت اور مائننگ کے شعبے میں ترقی کے امکانات کو اجاگر کرنے، مائننگ سیکٹر میں سرمایہ کاری، باہمی تعاون کے امکانات، پاکستان اور جاپان کے دوطرفہ تعلقات کا فروغ، تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی)، ٹیکنیکل ایجوکیشن، پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکی جواب کا جائزہ جاری ہے، ثالثوں کے ذریعے واشنگٹن کو جواب دیا جائے گا، ایران

ایران اور متعلقہ فریقوں کے درمیان ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ بدستور جاری ہے، اسماعیل بقائی

تہران (اے این این) ایران نے کہا ہے کہ وہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے سے متعلق اپنی تجویز پر امریکا کے جواب کا جائزہ لے رہا ہے اور یہ عمل مکمل ہونے کے بعد ثالثوں کے ذریعے واشنگٹن کو جواب دیا جائے گا۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ تہران کو امریکی جواب موصول ہونے کے بعد اس کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ان کے مطابق جائزہ مکمل ہونے پر ایران اپنا ردعمل ثالثوں کے ذریعے امریکا تک پہنچائے گا۔ اسماعیل بقائی نے مزید کہا کہ ایران اور متعلقہ فریقوں کے درمیان ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ بدستور جاری ہے، تاہم انہوں نے اس رابطے کی تفصیلات بتانے سے گریز کیا۔ ایرانی بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے معاملے پر سفارتی رابطے ابھی جاری ہیں، تاہم تہران کے حتمی جواب اور مذاکرات کے ممکنہ نتائج کے

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایمرجنسی اور گورنر راج جمہوریت کے تابوت میں آخری کیل ہے، عارف علوی

پرامن احتجاج کو طاقت کے ذریعے دبانے کی پالیسی اب خیبر پختونخوا تک پھیلائی جارہی ہے

کراچی (اے این این) سابق صدر عارف علوی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور صوبائی حکومت کی معطلی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے اسے جمہوریت کے تابوت میں آخری کیل قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں عارف علوی نے کہا کہ جس صوبے کے دو تہائی مینڈیٹ کو چرایا نہ جا سکا، اسے اسلام آباد کی غیر نمائندہ اور جعلی حکومت نے اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کو ہٹانے کا حق صرف خیبر پختونخوا کے عوام کو حاصل تھا۔ سابق صدر نے دعویٰ کیا کہ تمام اطلاعات کے مطابق اس بحران کی واحد وجہ سابق وزیراعظم عمران خان سے ملاقات تھی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ عمران خان کے پیغام کو عوام تک پہنچنے سے روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ذاتی عناد ملک کو تباہی کی طرف دھکیل رہا

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع کیچ میں یومِ نجات کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی

تربت (اے این این) ضلع کیچ میں یوم نجات کے سلسلے میں عوامی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں کی جانب سے کار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں عوامی حلقوں، سول سوسائٹی کے نمائندگان کے علاوہ کاروباری افراد اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شریک تھے۔ ریلی کے شرکاء نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے حوالے سے بھی یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شرکاء نے یوم

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کے ترقیاتی اقدامات، شاہوزئی محلے میں سیوریج سسٹم کی تعمیر جاری

نکاسی آب کے دیرینہ مسئلے کے حل کی جانب اہم پیش رفت، شہریوں کا ترقیاتی کاموں کا خیرمقدم

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی جانب سے شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی، نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں شاہوزئی محلے میں ان کے فنڈز سے سیوریج سسٹم کی تعمیر کا کام جاری ہے، جسے علاقے میں نکاسی آب کے مسائل پر قابو پانے اور شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات فراہم کرنے کی کوششوں کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ شاہوزئی محلے میں سیوریج سسٹم کی تعمیر سے متعلق شہریوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نکاسی آب کا مؤثر نظام کسی بھی شہر کی بنیادی ضرورت ہے۔ سیوریج نظام کی بہتری سے نہ صرف گندے پانی کی نکاسی میں درپیش مشکلات کم کرنے میں مدد ملے گیہ زندگی میں درپیش مسائل سے نجات دلانے میں بھی معاونت حاصل ہوگی

ڈیرہ بگٹی میں پی ٹی وی بوسٹر کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان زخمی

پولیس نے زخمی کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا، حالت خطرے سے باہر، حکام

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان زخمی ہوگیا، جبکہ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پی ٹی وی بوسٹر کے قریب موٹرسائیکل سوار نامعلوم افراد نے بیبہ لوٹی کے رہائشی لوٹا خان ولد عظیم جان کو فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے زخمی نوجوان کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ بگٹی منتقل کیا، جہاں موجود ڈاکٹروں نے اس کی حالت خطرے سے باہر قرار دے دی۔ واقعے کے بعد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور شواہد اکٹھے کرکے تفتیش شروع کردی۔ تاہم آخری اطلاعات تک واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی تھی۔ اور شواہد اکٹھے کرکے تفتیش شروع کردی۔ تاہم آخری اطلاعات تک واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی تھی۔

مذاکرات کے تمام راستے بند ہونے کے بعد مشکل آئینی قدم اٹھایا گیا، محسن نقوی

خیبر پختونخوا نے دہشت گردی کا بھاری بوجھ برداشت کیا ہے اور وہاں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں

وفاقی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کی بھرپور حمایت کرے گی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت اور اس کے اتحادیوں نے خیبر پختونخوا حکومت اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی قیادت کے ساتھ پارلیمانی رابطوں، براہِ راست بات چیت اور بیک چینل ڈپلومیسی سمیت ہر ممکن راستہ اختیار کیا، تاہم تمام کوششیں رائیگاں گئیں۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا نے دہشت گردی کا بھاری بوجھ برداشت کیا ہے اور وہاں سکیورٹی فورسز اور عام شہریوں نے بے مثال قربانیاں پیش کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سنگین حالات میں محاذ آرائی کے بجائے باہمی تعاون کو ترجیح دی جانی چاہیے تھی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ موجودہ فیصلہ کوئی سیاسی

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل سے سابق ایم پی اے زینت شاہوانی کی قیادت میں خواتین کا وفد ملاقات کررہا ہے

خضدار میں خواتین کے مسائل کے فوری حل کے لیے ڈویژنل سطح پر کمپلین وومن سینٹر قائم کرنے کے احکامات

خواتین کو قانونی معاونت اور اداروں تک بہتر رسائی دینے کے لیے وومن پولیس تھانے کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، قادر بخش

خضدار (یو این اے) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے خواتین کو درپیش مسائل کے فوری حل، شکایات کے اندراج اور متعلقہ محکموں تک ان کی مؤثر رسائی کو یقینی بنانے کے لیے کمشنر آفس میں ڈویژنل سطح پر کمپلین وومن سینٹر قائم کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ مجوزہ مرکز کے ذریعے خواتین کے مسائل اور شکایات سنی جائیں گی، جبکہ متعلقہ محکموں کے افسران کی غفلت، لاپرواہی اور فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی کی نشاندہی کرتے ہوئے معاملہ براہ راست کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کی سطح پر اٹھایا جائے گا، تاکہ شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جاسکیں۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے اس اقدام کو خواتین کے مسائل کے حل اور

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر، گورنر راج کے خلاف پی ٹی آئی کارکنوں کا احتجاج، حکومت مخالف نعرے

پولیس کی جانب سے ہوائی فائرنگ کرنے پر مظاہرین منتشر ہوگئے، ڈی پی او

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے خلاف باڑہ بازار میں پی ٹی آئی کارکنوں نے احتجاج کیا تاہم پولیس کی جانب سے ہوائی فائرنگ کرنے پر مظاہرین منتشر ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے پولیس کی بھاری نفری تعینات رہی، احتجاج میں درجنوں کارکن شریک ہوئے جنہوں نے حکومتی فیصلے کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے ہوائی فائرنگ کی، جس کے بعد مظاہرین منتشر ہوگئے۔ ڈی پی او نے واضح پیغام دیا کہ کسی کو امن وامان ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے۔

پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا، شوکت یوسفزئی

عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا، مذاکرات سے معاملات طے ہوسکتے تھے، بیان

پشاور (اے این این) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کر دیا ہے۔ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے شوکت یوسف زئی نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو مسترد کر دیا اور کہا کہ عوامی راج ہٹا کر کوئی بھی راج کامیاب نہیں ہوسکتا کیونکہ عوام کے بھاری مینڈیٹ سے قائم ہونے والی حکومت کا متبادل کوئی راج نہیں ہے۔ شوکت یوسف زئی نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نون نے عوام کے مینڈیٹ کو بلڈوز کیا ہے۔ حکومت نے مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ کمٹمنٹ کرکے دھوکا دیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک انصاف نے ہمیشہ دہشت گردی کی مذمت کی ہے

رہنما پاکستان عوام راج تحریک اقرار الحسن کو حراست میں لے لیا گیا

لاہور (اے این این) صوبائی دارالحکومت لاہور میں پاکستان عوام راج تحریک کے رہنما اور ٹی وی میزبان اقرار الحسن کو مبینہ طور پر حراست لے لیا گیا۔ اہل خانہ کے مطابق اقرار الحسن کو مبینہ طور پر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے اہلکاروں نے حراست میں لیا تاہم ادارے کی جانب سے اب تک ان کی گرفتاری کی تصدیق نہیں کی

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران نے سعودی اور یمن کے درمیان مذاکرات میں سہولت کاری کے لیے آمادگی ظاہر کردی

عباس عراقچی کا سعودی وزیرخارجہ فیصل بن فرحان سے رابطہ، خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے سیاسی حل پر زور

تہران (جی این ایم) ایران نے سعودی عرب اور یمن کے درمیان مذاکرات شروع کرانے اور سیاسی حل کے حصول کے لیے تعاون کی پیشکش کردی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سعودی ہم منصب فیصل بن فرحان سے ٹیلی فون پر گفتگو میں زور دیا کہ فوجی کارروائیوں پر اصرار سے علاقائی بحران مزید پیچیدہ ہوگا اور تنازعات کا حل مذاکرات ہی سے ممکن ہے۔ سعودی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان رابطے میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی ہوائی اڈوں پر حالیہ حملوں کے بعد پیدا ہونے والی علاقائی کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ رابطہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب خلیجی خطے کی سکیورٹی صورت حال کشیدہ ہے

عمان میں سہار بندرگاہ کے قریب آئل ٹینکر پر ڈرون حملہ، دو ملاح لاپتہ

مسقط (اے این این) عمان میں سہار بندرگاہ کے قریب آئل ٹینکر پر ڈرون حملہ ہوا ہے جس میں 2 بھارتی ملاح لاپتہ ہوگئے ہیں۔ عمان کے شمالی ساحل پر سہار بندرگاہ کے قریب لنگر انداز آئل ٹینکر کو ڈرون حملے میں نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں جہاز پر سوار 11 بھارتی ملاحوں میں سے 2 لاپتہ ہوگئے جبکہ 9 کو بحفاظت ریسکیو کرلیا گیا۔ ہوئے اسے ڈرون حملہ قرار دیا ہے۔

کوئٹہ، چیئرمین قائمہ کمیٹی برمحکمہ تعلیم رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ اسمبلی اجلاس میں قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کررہے ہیں

وزیراعظم کا ایس ایم ایز کیلئے قرضوں کا حجم 2028 تک 2.2 ٹریلین روپے کرنے کا حکم

پاکستان میں ایس ایم ای شعبے میں معاشی ترقی کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کے فروغ کے لیے قرضوں کی مجموعی مالیت 2028 تک 1.1 ٹریلین روپے سے بڑھا کر 2.2 ٹریلین روپے کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاروباری طبقہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور پاکستان میں ایس ایم ای شعبے میں معاشی ترقی کی بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سمیڈا کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا،

افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں سرحد پار دہشتگردی کے شواہد پھر سامنے آگئے

پاک فوج کے ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تباہی وہلاکتوں کی تصدیق

اسلام آباد (اے این این) افغان طالبان رجیم کی سرپرستی میں افغانستان سے سرحد پار دہشت گردی کے شواہد ایک بار پھر سامنے آگئے۔ پاک فوج کے ہاتھوں افغانستان میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور ہلاکتوں کی عالمی سطح پر بھی تصدیق ہوگئی ہے۔ دی پالیسی ڈائجسٹ کی خصوصی رپورٹ کے مطابق امریکی خفیہ ایجنسی (سی آئی اے) کی سابق ٹارگٹنگ افسر سارہ ایڈمز نے بھی افغانستان میں دہشت گردوں کے مراکز کی تصدیق کردی۔ گردوں کے مضبوط ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔

پاکستان اور قطر ثالثی کے لیے کردار ادا کر رہے ہیں: اسماعیل بقائی

ایران اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی ایک طویل تاریخ موجود ہے

تہران (اے این این) ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کے لیے پاکستان اور قطر کردار ادا کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ ایران اور روس کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کی ایک طویل تاریخ موجود ہے، دونوں ممالک کے درمیان جوہری معاملے پر بھی تعاون رہا ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران ہمیشہ دوست اور شراکت دار ممالک کی معاونت اور حمایت کا خیرمقدم کرتا آیا ہے، ایرانی سرحدوں کو غیر محفوظ بنانے کی کوششوں کے پیچھے امریکا اور اسرائیل ہیں۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ کوئی شک نہیں امریکا اور اسرائیل ایران میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں،

سعودی فضائی دفاعی نظام نے خمیس مشیط میں بیلسٹک میزائل مار گرایا

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب کے فضائی دفاعی نظام نے پیر کی صبح یمن کے حوثی ملیشیا کی جانب سے جنوب مغربی شہر خمیس مشیط کی طرف داغا گیا بیلسٹک میزائل تباہ کر دیا۔ اس دوران محکمہ شہری دفاع نے قریبی شہر ابھا میں ہنگامی الرٹ جاری کیا، تاہم بعد ازاں خطرہ ٹلنے کا اعلان کیا۔ عرب نیوز کے مطابق یمن میں اتحادی افواج کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ میزائل کو فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا۔ پیش نظر الرٹ جاری کیا، تاہم بعد میں صورتحال محفوظ قرار دے دی۔ حوثیوں کی جانب سے حالیہ ہفتوں کے دوران پہاڑی علاقے عسیر میں واقع خمیس مشیط اور ابھا کو میزائل اور ڈرون حملوں کا نشانہ بنایا گیا۔

ایمرجنسی و گورنر راج، پشاور سمیت صوبے بھر میں معمولات زندگی بحال ہونے لگے

اہم شاہراہوں پر ٹریفک رواں دواں، بیشتر کاروباری مراکز اور دفاتر کھل

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد پشاور سمیت صوبے بھر میں معمولات زندگی بحال ہونے لگے، شہر کی اہم شاہراہوں پر ٹریفک رواں دواں جبکہ بیشتر کاروباری مراکز اور دفاتر کھل گئے تاہم پشاور سمیت صوبے کے بیشتر اضلاع میں نجی وسرکاری تعلیمی ادارے، کالجز اور یونیورسٹیاں بند رہیں، پشاور شہر میں بی آر ٹی سروس دوسرے روز بھی معطل رہی، جبکہ مختلف سڑکوں پر کنٹینرز سے راستے بدستور بند ہیں، باچا خان چوک، خیبر روڈ، فردوس چوک، ہشت نگری سمیت دیگر مقامات پر کنٹینرز لگا کر راستے بند کئے گئے۔ شہر کا ریڈ زون اب بھی سیل ہے،

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ جمہوری اقدار کے منافی ہے، مالک بلوچ

کے پی کے کو فیڈریشن سے دور کیا جارہا ہے، خدشہ ہے کہ یہ سلسلہ یہاں نہیں رکے گا اور ملک بھر میں ایمرجنسی نافذ ہوسکتی ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

آج خیبر پختونخوا کو اپنی فیڈریشن سے دور کیا جارہا ہے اور انہیں شدید خدشہ ہے کہ یہ سلسلہ صرف کے پی کے تک محدود نہیں رہے، اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران نیشنل پارٹی کے سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے اقدام پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اسے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ آئین پاکستان میں صرف آرٹیکل 232 اور 234 ہی شامل نہیں ہیں بلکہ آرٹیکل 1 (ون) بھی موجود ہے جس کا احترام لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب اس بات پر خوش ہیں کہ ملک میں جمہوریت قائم ہے، مگر جمہوری اداروں کے خلاف ایسے فیصلے جمہوریت کو کمزور کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تاریخی پس منظر کا

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ ورکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کررہے ہیں

کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا: فیصل کریم کنڈی

پشاور (سی ایم لنکس) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔ پشاور میں گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سے خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل کی رکن ثمر ہارون بلور نے ملاقات کی۔ فیصل کریم کنڈی نے ثمر ہارون بلور کو مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے یہ بھی کہا ہے کہ مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔ مشیر اطلاعات صوبے کے مثبت تشخص اور سافٹ امیج کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کریں۔

مردان میں سابق صوبائی وزیر ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ پر پولیس کا چھاپہ

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع مردان میں سابق صوبائی وزیر اور ایم پی اے ظاہر شاہ طورو کی رہائش گاہ اور حجرے پر پولیس نے چھاپہ مارا تاہم انہیں گرفتار نہ کیا جا سکا۔ پولیس چھاپے کے دوران ظاہر شاہ طورو موجود نہیں تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر نفاذ کے بعد پی ٹی آئی کی جانب سے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور جنید

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت منعقد، نواں کلی طیارہ حادثے کے شہدا کے لیے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت مقررہ وقت سے ایک گھنٹے کی تاخیر سے شروع ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمان کھیتران نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں تربیتی طیارہ گرنے کے نتیجے میں پاک فوج کے دو جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا،

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

حوثیوں کے حملے، سعودی عرب کو میزائل انٹرسیپٹرز کی قلت کا سامنا: امریکی اخبار

واشنگٹن (جی این ایم) یمن کے حوثیوں کے حملوں کے باعث سعودی عرب کو میزائل انٹرسیپٹرز کی قلت کا سامنا ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے سعودی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ حوثی ملیشیا کے بڑھتے ہوئے حملوں کا مقابلہ کرنے کے لیے سعودی عرب کے پاس فضائی دفاعی میزائل انٹرسیپٹرز کے ذخائر تیزی سے کم ہورہے ہے

گورنر خیبر پختونخوا سے وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر وگلگت بلتستان کی ملاقات

پشاور (یو این اے) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے وفاقی وزیر برائے امورِ کشمیر وگلگت بلتستان امیر مقام نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ ترجمان گورنر ہاؤس پشاور کے مطابق ملاقات میں خیبر پختونخوا کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، سیاسی امور اور باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کا

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

ترکی میں بس اور ٹرک کا تصادم، 11 افراد ہلاک، 27 زخمی

انقرہ (جی این ایم) ترکی کے مغربی علاقے میں ایک مسافر بس اور ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں کم ازکم 11 افراد ہلاک اور 27 زخمی ہوگئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق، صوبہ مانیسا کے گورنر آفس نے بتایا کہ یہ حادثہ ساحلی شہر بورسا اور ساحلی شہر ازمیر کے درمیان ایک شاہراہ کے داخلی مقام کے قریب پیش آیا۔ ترکی کے وزیر داخلہ مصطفیٰ چیفتچی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ امدادی ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور وہ خود صورت حال کی نگرانی کر رہے ہیں۔

سعودی عرب کے مشرقی صوبے میں ڈرون مار گرایا: اتحادی افواج

عرب اتحادی افواج نے سعودی عرب کے مشرقی صوبے کو نشانہ بنانے کی ایک اور کوشش ناکام بنادی۔ عرب اتحاد کی جانب سے جاری کردہ ایک مختصر بیان میں تصدیق کی گئی ہے کہ مشرقی صوبے کی طرف داغے گئے ایک ڈرون کو کامیابی کے ساتھ فضا میں ہی تباہ کردیا گیا ہے۔ برطانیہ نے اپنے شہریوں کو جدہ اور دمام کے غیر ضروری سفر سے گریز کی ہدایت کی ہے۔ برطانوی سفارتخانے نے مدینہ ایئرپورٹ کے علاوہ سعودی عرب کے تمام ہوائی اڈوں کے سفر سے گریز کا بھی انتباہ جاری کیا ہے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض پر ہفتے کو حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 309 زخمی ہوئے تھے۔ حکام کے مطابق جان سے جانے والوں میں امریکا، سعودیہ، بنگلا دیش، اردن، شام، سوڈان، فلسطین اور مصر کے شہری شامل ہیں۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ قابلِ مذمت، مسلم ممالک اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کریں، حافظ صدیق

جمیعت علما اسلام دکھ کی اس گھڑی میں سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ممبر یوتھ پارلیمنٹ

کوئٹہ (یو این اے) جمیعت علما اسلام کے رہنما اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت، امن اور بین الاقوامی اصولوں کے منافی ہے۔ سعودی عرب پر حملہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے لمحۂ فکریہ ہے، مسلم ممالک کو ایسے حالات میں سنجیدگی، تدبر اور باہمی اتحاد واتفاق کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ خطے میں کشیدگی اور مسلم ممالک کو جنگ کی طرف دھکیلنے کے خدشات کا سنجیدگی سے جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ امتِ مسلمہ کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ باہمی اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ حکمتِ عملی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمیعت علما اسلام دکھ کی اس گھڑی میں سعودی عرب کے عوام اور متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ ہم متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کی مغفرت فرمائے، لواحقین کو صبرِ جمیل عطا کرے اور خطے سمیت پوری دنیا میں امن وسلامتی قائم فرمائے۔ آ نجمعیت علما اسلام کے رہنما اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

Directorate of Culture Balochistan
OU Signing C
te of Cult
emy of P
ased to
2 Oc

کوئٹہ، سیکرٹری ثقافت وسیاحت حمید اللہ ناصر ڈائریکٹوریٹ آف کلچر اور نیشنل اکیڈمی پرفارمنگ آرٹس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کررہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عظمیٰ خان کو دل کی ادویات فراہم کرنے کی ہدایت کردی

ڈپٹی کمشنر لاہور، سی سی پی او اور دیگر افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ

لاہور (اے این این) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خان کو جیل میں دل کی ادویات فراہم کرنے کی ہدایت کردی، جبکہ ڈپٹی کمشنر لاہور، سی سی پی او اور دیگر افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کرنے کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ جسٹس عبہر گل نے ڈاکٹر عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی نظر بندی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ اس موقع پر درخواست گزاروں کے وکیل رانا مدثر عمر نے استدعا کی کہ ایس پی، سی سی پی او لاہور اور ڈپٹی کمشنر کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا جائے تاکہ وہ نظر بندی کے نوٹیفکیشن کی وضاحت کرسکیں۔ وکیل رانا مدثر عمر نے مؤقف اختیار کیا کہ درخواست گزار جیل میں کوئی غیر معمولی سہولت فراہم کرنے کی استدعا نہیں کر رہے بلکہ بنیادی ضروریات کی فراہمی چاہتے ہیں۔

مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی شمولیتی دعوتی مہم، قصرِ گل کے مالک قاسم رضا سے ملاقات

صدر سید عبدالقیوم آغا نے قاسم رضا کو دوستوں اور احباب سمیت تنظیم میں شمولیت کی دعوت دیدی

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کی شمولیتی دعوتی مہم کے سلسلے میں تنظیم کے صدر سید عبدالقیوم آغا کی قیادت میں وفد نے ہزارہ ٹاؤن میں قصرِ گل ریسٹورنٹ کے مالک قاسم رضا سے ملاقات کی اور انہیں اپنے دوستوں اور احباب سمیت تنظیم میں شمولیت کی دعوت دی۔ ملاقات کے دوران تنظیمی امور اور تاجر برادری کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری حاجی محمد یوسف، سینئر نائب صدر نعمان کاکڑ، ترجمان کاشف حیدری، آفس سیکرٹری سلطان خلجی، جمشید علی ایمن سمیت دیگر رہنما شامل تھے۔ وفد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری کے اتحاد واتفاق اور حقوق کے تحفظ کے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

کچھی میں ٹریفک کے دو حادثات، 13 افراد جاں بحق، 20 سے زائد زخمی

کچھی میں تصادم کے نتیجے میں ویگن پل سے نیچے کھائی میں جا گری حادثے میں 9 افراد جاں بحق اور 19 زخمی ہوگئے

ڈھاڈر میں کار اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں تین خواتین سمیت چار افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع کچھی میں ٹریفک کے دو الگ الگ حادثات میں کم ازکم 13 افراد جاں بحق اور 20 سے زائد زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق دونوں حادثات کوئٹہ کو سبی اور سکھر سے ملانے والی این 65 قومی شاہراہ پر پیش آئے۔ مچھ پولیس کے ڈی ایس پی اکبر بگٹی نے بتایا کہ پہلا حادثہ کوئٹہ سے تقریبا 60 کلومیٹر دور ضلع کچھی کے علاقے مچھ میں زمیندار ہوٹل کے قریب پیش آیا جہاں دو مزدا ٹرکوں کے درمیان تصادم کے بعد کوئٹہ سے سبی جانے والی ایک مسافر ویگن بھی ان سے ٹکرا گئی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ تصادم کے نتیجے میں ویگن پل سے نیچے کھائی میں جا گری جس سے جانی نقصان زیادہ ہوا، ایک مزدا ٹرک میں خانہ بدوش خاندان جا رہا تھا۔ حادثے میں 9 افراد جاں

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

گنداخہ میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہریوں اور بزرگوں کی زندگی اجیرن

میونسپل کمیٹی کی کتا مار مہم شروع نہ ہوسکی، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

گنداخہ (اے این این) گنداخہ شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں، بزرگوں اور بچوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، جبکہ میونسپل کمیٹی گنداخہ کی جانب سے تاحال کتا مار مہم شروع نہ کیے جانے پر شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کے باعث لوگوں کو آمد ورفت میں مشکلات کا سامنا ہے اور خصوصاً بزرگوں، بچوں اور نماز کے لیے مساجد جانے والے افراد کو خوف و ہراس کی کیفیت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ کے پاس لاکھوں روپے کا بجٹ ہونے کے باوجود آوارہ کتوں کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا ہے

کراچی، فتنہ الہندوستان اور فتن الخوارج کے 3 دہشتگرد گرفتار، دستی اور دیسی ساختہ بم برآمد

ملزمان حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کررہے تھے، ترجمان سی ٹی ڈی

کراچی (جی این ایم) کراچی میں سی ٹی ڈی اور وفاقی حساس ادارے نے دو مختلف مقامات پر مشترکہ کارروائیوں میں فتنہ الخوارج (ٹی ٹی پی) اور فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) کے تین دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق گرفتار دہشتگردوں کے قبضے سے دو دستی بم اور ایک تیار شدہ دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈی) برآمد کیا گیا ہے، گرفتار دہشتگرد شہر میں حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ 2 دہشتگردوں ساجد یوسف ولد محمد یوسف اور شوکت علی عرف شوکی ولد حضور بخش کو گرفتار کیا گیا۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ اسمبلی اجلاس میں تعمیر نو یونیورسٹی کوئٹہ کے مسودہ قانون سے متعلق تحریک پیش کررہے ہیں

گلگت بلتستان میں غیرملکی شہریوں کی سکیورٹی میں غیر معمولی اضافے کا فیصلہ

سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت جاری

گلگت (اے این این) گلگت بلتستان میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی غیر معمولی طور پر سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جبکہ سکیورٹی شرائط کی خلاف ورزی پر متعلقہ این او سی منسوخ کرنے کی ہدایت بھی جاری کر دی گئی ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان کی زیرصدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور تحفظ کو مزید موثر بنانے کیلئے اہم فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں نان سی پیک منصوبوں، کاروباری سرگرمیوں اور کان کنی کے مقامات پر سکیورٹی انتظامات مزید سخت کرنے کی ہدایت کی گئی، اس کے علاوہ غیرملکی شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے سکیورٹی آڈٹ اور خطرات کا جائزہ (تھریٹ اسیسمنٹ) لازمی طور پر مکمل کرنے پر زور دیا گیا۔ آئی جی پولیس نے چیک پوسٹوں پر نگرانی سخت کرنے اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (نیکٹا) کے ضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی، اجلاس میں غیرملکی شہریوں کی نقل وحرکت کے حوالے سے پیشگی اطلاع دینا بھی لازمی قرار دیا گیا۔ حکام کو ہدایت کی گئی کہ سکیورٹی سے متعلق تمام قانونی تقاضوں اور طے شدہ شرائط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ این او سی منسوخ کرنے سمیت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ آئی جی گلگت بلتستان ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے واضح کیا کہ غیرملکی شہریوں کی جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔